★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | یکم 28 ذیقعد 1446ھ، 26 مئی 2025ء، 13 جیٹھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 196

شناختی کارڈ شہری کا بنیادی حق، شہریوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنا چاہتے ہیں، مریم نواز

پنجاب میں برتھ و ڈیتھ رجسٹریشن رولز 2025 نافذ ہوگیا جس کے تحت پنجاب میں برتھ اور ڈیتھ رجسٹریشن فیس ختم کردی گئی، پنجاب بھر میں برتھ اور ڈیتھ کی رجسٹریشن بلا معاوضہ کرائی جاسکے گی

برتھ اور ڈیتھ کمپوزائزڈ سرٹیفکیٹ بھی مفت جاری ہوگا، شہری یونین کونسل اور میونسپل کمیٹی میں 7 سال تک بلا معاوضہ اندراج کراسکتے ہیں، پنجاب میں برتھ اور ڈیتھ کی لیٹ رجسٹریشن پر کورٹ ڈگری کی شرط بھی ختم کردی گئی



اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف ترکیے کے وزیر دفاع سے ملاقات کررہے ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے برسوں سے رائج برتھ اور ڈیتھ رجسٹریشن رولز 2025 نافذ کردیا جس کے تحت پنجاب میں برتھ اور ڈیتھ رجسٹریشن فیس ختم کردی گئی، جانب سے جاری بیان کے مطابق پنجاب میں برتھ و ڈیتھ رجسٹریشن رولز 2025 نافذ ہوگیا جس کے تحت پنجاب میں برتھ اور ڈیتھ رجسٹریشن فیس ختم کردی گئی، پنجاب بھر میں برتھ اور ڈیتھ کی رجسٹریشن بلا معاوضہ کرائی جاسکے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کو برتھ اور ڈیتھ کی رجسٹریشن پر کورٹ ڈگری کی بدایت پر برتھ اور ڈیتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

خضدار میں سکول بس پر بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کے حملے میں شہید طلبا کی تعداد 8 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) خضدار میں سکول بس پر بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کے حملے میں شہید طلبا کی تعداد 8 ہوگئی۔ سیکورٹی ذرائع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

پی ٹی آئی دور میں 698 ملین کی بے ضابطگی کا ایک اور سکینڈل سامنے آ گیا

بے ضابطگی مختلف شہروں میں جائیداد کی خریداری میں ریونیو افسران کے نکلی وصول نہ کرنے کی وجہ سے کی گئی

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف دور میں بدعنوانی کا انکشاف ہوا ہے، 39 ریونیو افسران کی غفلت کی وجہ سے 698 ملین روپے کی مالی بے ضابطگی ہوئی، جس کی حتمی رکاوٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

ہمیں نفرتوں کے بجائے محبت، برداشت اور رواداری کو فروغ دینا چاہیے، چیئرمین پی ٹی آئی

دشمن کی جارحیت کا افواج پاکستان نے منہ توڑ جواب دیا، وطن عزیز کی ترقی، خوشحالی اور دفاع کے لیے قومی اتحاد، یکجہتی، اور رواداری وقت کی اہم ترین ضرورت ہیں، سابق وزیراعظم

ہر انسان نے ایک دن اپنے رب کے حضور پیش ہونا ہے، اس لیے ہمیں نفرتوں کے بجائے محبت، برداشت اور رواداری کو فروغ دینا چاہیے، یہی اصل انسانی اور قومی کامیابی ہے

گوہر خان (این این آئی) سابق وزیراعظم اور پاکستان تحریک انصاف پارٹی کے سینئر رہنما رابعہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ وطن عزیز کی ترقی، خوشحالی اور دفاع کے لیے قومی اتحاد، یکجہتی، اور رواداری وقت کی اہم ترین ضرورت ہیں۔ وہ پاکستان تحریک انصاف پارٹی کے دیرینہ کارکن رابعہ رضا مان مرحوم کے ایصال ثواب کی ایک روایتی محفل سے خطاب کررہے تھے۔ اپنے خطاب میں رابعہ پرویز اشرف نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

پاک بھارت جنگ کے دوران ملٹری لیڈر شپ نے تحمل کا مظاہرہ کیا، چیئرمین

پاک بھارت جنگ میں فتح پر پوری پاکستانی قوم کو مبارکباد دیتا ہوں، بلوچستان میں بھارت کی مداخلت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، حکومت آئندہ بجٹ میں عوام کو ریلیف دے

ہمیں ذاتی مفادات کی بجائے ملکی مفاد کا سوچنا چاہیے، ایکسپو سولر کے آرگنائزرز کو مبارکباد دیتا ہوں، سولر اور الیکٹرک گاڑیوں سے آلودگی کم ہوگی، یوسف رضا گیلانی

لاہور (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ بلوچستان میں بھارت کی مداخلت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، پاک بھارت جنگ کے دوران ملٹری لیڈر شپ نے انتہائی قوت ہونے کے باوجود تحمل کا مظاہرہ کیا، حکومت کو سوچنا چاہیے کہ آئندہ بجٹ میں عوام کو ریلیف دیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایکسپو سنٹر لاہور میں دوسرے روز سولر انرجی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



راولپنڈی: ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری جامعات کے طلبا سے خطاب کررہے ہیں

ترجمان پاک فوج

کشمیر کا پاکستان، افغانستان اور بھارت کے ساتھ کیا تعلق بنتا ہے، آئی ایس پی آر کے ڈی جی نے بتا دیا

ہم امن پسند ہیں، ہمارا پہلا انتخاب امن ہے، اللہ کے حکم سے پورا پاکستان آہنی دیوار بن کر کھڑا ہوا اور مودی کی حکمت عملی کو غلط ثابت کردیا، پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کو عبرت کا نشان بنا دیا جائے گا

لوگ سمجھتے تھے کہ یہاں کے عوام اور فوج ایک دوسرے سے دور ہیں، ہرگز نہیں، کیا آپ کی فوج نے کسی ایک سویلین انفراسٹرکچر، آبادی یا مندر کو نشانہ بنایا؟ نہیں، مختلف جامعات میں خصوصی نشستوں کے دوران اظہار خیال

اسلام آباد (نیٹ نیوز/ڈیلک ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ ہم امن پسند ہیں، امن کو ترجیح دیتے ہیں، ہمارا پہلا انتخاب امن ہے، اگر تم نے دوبارہ جرأت کی تو ہمارا جواب اس سے بھی شدید ہوگا۔ ایک فوج کے شہید تعلقات عامہ آئی ایس پی آر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

طوفانی بارشوں سے نقصان، وزیر داخلہ کا عوام سے دلی ہمدردی کا اظہار

قدرتی آفت سے ہونے والے جانی نقصان پر پنجاب حکومت کے ساتھ کھڑے ہیں، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ قدرتی آفت سے ہونے والے جانی نقصان پر پنجاب حکومت کے ساتھ کھڑے ہیں، محسن نقوی نے کہا کہ پاک افواج کے لوگوں کے ساتھ ہے قیمت کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے 100 سالہ پرانا نظام ختم کردیا

محکمہ جنگلات میں اجڑوں کی ادائیگی میں شفافیت کے لیے جدید برانچ لیس بینکاری نظام نافذ

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے محکمہ جنگلات میں اجڑوں کی ادائیگی میں شفافیت کے لیے جدید برانچ لیس بینکاری نظام نافذ کردیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے 100 سال پرانا نظام ختم کر کے یوسیا اجرت پر جنگلوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

دہشتگردوں کیخلاف فیصلہ کن کارروائی کا آغاز ہوگیا، رانا ثناء

فیٹف پر بھی بھارت کو بھرپور جواب دیا جائے گا، فیلڈ مارشل نے بھی یہی کہا ہے عوام پر بوجھ ڈالے بغیر دفاعی بجٹ کو بڑھایا جائے، انٹرویو

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے مشیر اور سابق وفاقی وزیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کیخلاف فیصلہ کن کارروائی کا آغاز ہوگیا ہے۔ جی ٹی روڈ کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ خنداد کے معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں، پاکستان کی سرزمین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



لاہور: ڈپٹی سپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ، صدر ینگ پارلیمنٹیرینز فورم محمد شیخ، چیئرپرسن چانڈیو، سابق ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی بیگم شکیلہ نعیم، سیکرٹری جنرل چوہدری عامر حبیب اور اراکین اسمبلی، ینگ پارلیمنٹیرینز فورم بورڈ کی تقریب سے قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

پنجاب اسمبلی ینگ پارلیمنٹیرینز فورم بورڈ کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد

ینگ پارلیمنٹیرینز فورم نوجوانوں کی سیاسی رہنمائی اور تربیت کا ایک موثر پلیٹ فارم ہے، ملک ظہیر اقبال چنڑ

لاہور (خبر نگار) پنجاب اسمبلی کے ینگ پارلیمنٹیرینز فورم بورڈ کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

پی ٹی آئی کی ضمانت کی 8 درخواستوں پر ساعت (کل) ہوگی

لاہور (این این آئی) پی ٹی آئی کی 9 مئی کے 8 مقدمات میں ضمانت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

اسحاق ڈار کی حضرت علی ہجویریؒ کے دربار آمد، فاتحہ خوانی و دعا کی

سیہالک سے دربار میں حرم نبوی کی طرز پر "ہائبرڈ روضہ کینوپیز" کی تنصیب بابت تفصیلات پیش

لاہور (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی حضرت علی ہجویریؒ کے دربار آمد ہوئی۔ ڈپٹی وزیراعظم نے مزار شریف پر حاضری دی، سیہالک نے مزار شریف پر جاری ترقیاتی امور سے آگاہ کیا اور دربار میں حرم نبوی کی طرز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)



اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کررہے ہیں

بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ ان سے بات کرلے، علی ظفر

بانی پی ٹی آئی نے پارٹی کو کسی سے بھی مذاکرات سے منع کردیا ہے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے سینئر رہنما سابق وفاقی وزیر علی ظفر کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ اگر بات کرنا چاہتی ہے تو براہ راست ان سے یعنی بانی پی ٹی آئی سے بات کرے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

پاکستان کوٹ بھاری پریسٹیکنالوجی شعبے میں بھی بڑی طاقت بن چکا، صلاح الدین

دنیا کو پتہ چل گیا ہے ہم ٹیکنالوجی کے ذریعے جدید طیارے گرا سکتے ہیں، 2018 میں ترقی کا سفر روکا گیا، خطاب

وزیراعظم کے بیرون ملک دورے اور عید کی وجہ سے بجٹ میں تاخیر ہوئی، بجٹ پر آئی ایم ایف کا کوئی دباؤ نہیں، عوام پر بوجھ نہیں ڈالیں گے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو بھارت پر ٹیکنالوجی کے شعبے میں بھی برتری حاصل ہوگئی۔ صوبائی وزارت داخلہ محکمہ انسداد دہشتگردی (سی ٹی ڈی) پنجاب کے زیر اہتمام ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو بھارت کے خلاف بالاکوٹ کے شعبے میں بھی برتری حاصل ہوگئی۔ صوبائی وسائل افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، غلط ہیں عسکری طاقت ہونے کا بھارت کا غرور خاک میں مل گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو بھارت پر ٹیکنالوجی کے شعبے میں بھی برتری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

سلام آباد میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف فوری آپریشن کا فیصلہ

اسلام آباد میں شہریوں کو عالمی معیار کی خدمات کی فراہمی پہلی ترجیح، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے

اجلاس ہوا جس میں اسلام آباد کے فیلڈ افسران چیف کمشنر اسلام آباد، آئی جی اسلام آباد پولیس، ڈپٹی کمشنر، ڈی آئی جیز، ایس پیز اور اے سیز نے شرکت کی، وزیر محکمہ داخلہ طلال چوہدری اور وفاقی سیکرٹری داخلی امور شریک ہوئے۔ دوران اجلاس اسلام آباد میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

یوکرین، روس کے درمیان قیدیوں کے تبادلے کے دوسرے روز 307 قیدی رہا

کیف/ماسکو (این این آئی) یوکرین اور روس کے درمیان قیدیوں کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

فیلڈ مارشل نے میلی آنکھ سے دیکھنے والے بھارت کی آنکھیں نکال دیں، گورنر سندھ

فیلڈ مارشل نے اوپن سیز کنونشن میں بھارت کو جو کہا تھا، وہ ثابت کیا، کامران ٹیسوری کا پاپن جاری

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا کہ فیلڈ مارشل نے اوپن سیز کنونشن میں بھارت کو جو کہا تھا وہ سچ ثابت کرکے دکھایا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

گئی۔ اپنے بیان میں کامران ٹیسوری نے کہا کہ ٹیسوری کا کہنا تھا کہ پاکستان نے اوپن سیز کنونشن میں بھارت کو جو کہا تھا فیلڈ مارشل بننے سے بھارت کی شکست پر ہم لگ



لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین مختلف یونین کونسلز کے لیگی کارکنان اور عوام کے مسائل سن رہے ہیں

بھارت کو بڑا جھٹکا، بنگلہ دیش نے کروڑوں ڈالر کا دفاعی معاہدہ منسوخ کردیا

یہ اقدام دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے سفارتی تناؤ کی علامت ہے، ماہرین

ڈھاکا/نئی دہلی (این این آئی) بنگلہ دیش کے بھارت کے ساتھ 2 کروڑ 10 لاکھ ڈالر (تقریباً 21 ملین ڈالر) کا ایک اہم دفاعی معاہدہ منسوخ کردیا ہے۔ معاہدہ بھارتی سرکاری دفاعی کمپنی "گارڈن ریچ شپ بلڈرز اینڈ انجینئرز لمیٹڈ" کو ایک جدید سمندری گنّ بوٹ بنانے کیلئے جوائنٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

ڈیپ عالمی نمائشوں میں شرکت کیلئے بھرپور معاونت فراہم کرے، نجم مزاری

حکومت بحری شعبے کے اشتراک سے پاکستان آرگینک ایکسپورٹ میں پہچان قائم کرسکتا ہے

لاہور (این این آئی) ڈیولپمنٹ اتھارٹی بھرپور مالی اور تکنیکی معاونت فراہم کرے تاکہ پاکستان بیرون ممالک نمائشوں میں شرکت کیلئے پاکستان کی آرگینک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

عمران خان سیاست کی تاریخ میں جدوجہد کا استعارہ بن چکے، مسرت چیمہ

ان شاللہ عمران خان کی قیادت میں پی ٹی آئی ایک بار پھر اقتدار میں آئے گی، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر نائب صدر مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ عمران خان اپنی ذات اور مفادات کیلئے سیاست کررہے ہوتے تو آج جیل سے باہر ہوتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

تجربات سے نجات، قومی میثاق معیشت پر اتفاق کیا جائے، لیاقت بلوچ

پاکستان میں تنخواہ دار طبقے نے رواں سال 391 ارب روپے ٹیکس دیا، بیان جاری

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



لاہور: سرسی تھیمت الحدیث و فقہ حنفی امیر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم محکمہ شوریٰ سے خطاب کررہے ہیں

غزہ میں اسرائیلی حملوں کا خونریز دن، 52 فلسطینی شہید

شمالی غزہ کے علاقے جبالیا النزلہ میں اسرائیلی افواج نے ایک گھر پر بمباری کی، جس کے نتیجے میں ایک شخص شہید اور متعدد زخمی ہوگئے

جنوبی شہر خان یونس میں بھی شدید گولہ باری اور فائرنگ کی اطلاعات موصول ہوئیں، جہاں حالات بدستور کشیدہ ہیں: رپورٹ

غزہ (این این آئی) اسرائیلی حملوں میں گزشتہ روز مزید 52 فلسطینی شہید ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق شمالی غزہ کے علاقے جبالیا النزلہ میں اسرائیلی افواج نے ایک گھر پر بمباری کی، جس کے نتیجے میں ایک شخص شہید اور متعدد زخمی ہوگئے۔ حملے کے بعد کئی افراد اپاہج ہیں جن کی حالت بھی بتائی جارہی ہے۔ اس دوران جنوبی شہر خان یونس میں بھی شدید گولہ باری اور فائرنگ کی اطلاعات موصول ہوئیں، جہاں حالات بدستور کشیدہ ہیں۔ غیر ملکی میڈیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

لاہور ہائیکورٹ میں رواں ہفتے 13 ڈویژن 28 سنگل بنچز ساعت کرینگے

چیف جسٹس مس عالیہ نیلم، جسٹس عمر گل خان پر مشتمل بنچ فوجداری اپیلوں پر ساعت کریگا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے رواں ہفتے پرنسپل سیٹ پر 13 ڈویژن بنچز سول اور 5 ملتان بنچ کی جاری ترمیم شدہ جز وقتی روسٹر کے مطابق فوجداری اپیلوں پر ساعت کریگا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)



اسکردو: سفیر فرخ حامل، چیئرپرسن آئی پی او پاکستان کا یونیورسٹی آف بلتستان میں ایک ایک سیشن کے دوران انتظامیہ کے ہمراہ گروپ فوٹو



لاہور: مزدور دادی پیل پر تعمیراتی کام میں مصروف ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



لاہور: جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام اچھرہ میں پری بجٹ سیمینار سے لیاقت بلوچ خطاب کر رہے ہیں، ضیاء الدین انصاری، اظہر بلال، عبدالرشید مرزا، پروفیسر میاں محمد اکرم، مرزا منور حسن، چوہدری محمد شوکت و دیگر موجود ہیں

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:50
فجر	4:30
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجے، مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25
میو ہسپتال لاہور
9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8
پی آئی سی لاہور
111-786-786

حکومت نئے مالی سال کے بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو تمام سلیبز پر ریلیف دیا جائے۔ لیاقت بلوچ

بجلی، گیس، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں بڑھانے کی بجائے کم کی جائیں، نائب امیر جماعت اسلامی

عام آدمی کو ریلیف دیکر وڈیروں اور جاگیرداروں اور امیر طبقے کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے، ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ

حکمرانوں کی ترجیحات میں عوام کے ریلیف کیلئے کوئی جامع پالیسی سرے سے ہی موجود نہیں، پری بجٹ سیمینار سے شرکا کا خطاب

لاہور (خبرنگار) جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام ××× پری بجٹ سیمینار ×× نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور صدر پاکستان کسان فورم مرزا عبدالرشید، ماہر معاشیات و اکانومسٹ مرزا منور حسن، ناصر گلزار الیف سے اے، ڈاکٹر میاں محمد اکرم منصف، سوشل ایکٹوسٹ و بیکار لے کیا ہے کہ حکومت نے مالی سال کے بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو تمام سلیبز پر ریلیف دیا جائے۔ بجلی، گیس، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑھانے کی بجائے کم کی جائیں، وڈیروں، جاگیرداروں اور امیر طبقے کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے۔ تعلیم، صحت کے بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کرے، بجٹ میں کسانوں کو ریلیف دیا جائے، صنعت و تجارت کی ترقی کیلئے اقدامات کیے جائیں۔ حکمران کوتاہی کو ختم کرنے کی بات کی۔ حکمرانوں کی ترجیحات میں عوام کے ریلیف کیلئے کوئی جامع پالیسی سرے سے ہی موجود نہیں۔ کسان، تاجر، ڈاکٹر اور عام آدمی حکمرانوں کی عوام دشمن پالیسیوں سے پریشان ہیں۔ کاروبار کو فروغ دیا جائے تاکہ لوگوں کو روزگار ملے۔ عام آدمی کو ریلیف دیکر بجائے امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور صدر پاکستان کسان فورم مرزا عبدالرشید، ماہر معاشیات و اکانومسٹ مرزا منور حسن، ناصر گلزار الیف سے اے، ڈاکٹر میاں محمد اکرم منصف، سوشل ایکٹوسٹ و بیکار لے کیا ہے کہ حکومت نے مالی سال کے بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو تمام سلیبز پر ریلیف دیا جائے۔ بجلی، گیس، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑھانے کی بجائے کم کی جائیں، وڈیروں، جاگیرداروں اور امیر طبقے کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے۔ تعلیم، صحت کے بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کرے، بجٹ میں کسانوں کو ریلیف دیا جائے، صنعت و تجارت کی ترقی کیلئے اقدامات کیے جائیں۔ حکمران کوتاہی کو ختم کرنے کی بات کی۔ حکمرانوں کی ترجیحات میں عوام کے ریلیف کیلئے کوئی جامع پالیسی سرے سے ہی موجود نہیں۔ کسان، تاجر، ڈاکٹر اور عام آدمی حکمرانوں کی عوام دشمن پالیسیوں سے پریشان ہیں۔ کاروبار کو فروغ دیا جائے تاکہ لوگوں کو روزگار ملے۔ عام آدمی کو ریلیف دیکر بجائے تمام سیاسی پارٹیاں اپنی عیاشیاں چھوڑنے کیلئے تیار نہیں ہے۔ اقتدار سے قبل بڑے بڑے دعوے کیے جاتے ہیں۔ بدقسمتی سے اقتدار ملنے کے بعد عوام حکمران طبقہ اپنی عیاشیوں میں لگ جاتا ہے۔ عوام کیس دینے کیلئے تیار ہے۔ لیکن حکمران طبقہ عوام کے ٹیکس کا پیسہ عوام پر خرچ کرے یہ عوام کو منظور نہیں۔ ہر پاکستانی ساڑھے تین لاکھ روپے کا مقروض ہو چکا ہے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ و دیگر قائدین نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایف ایم نے جان چھڑوانے بغیر ملک قوم کو قرض کی راہ پر گامزن نہیں کیا جا سکتا۔ آئی ایم ایف کی ظالمانہ شرائط پر عملدرآمد کر کے عوام کا معاشی قتل عام کیا جا رہا ہے۔ مالی سال کے بجٹ میں قومی آسمبلی میں بل پاس ہوا ہے کہ آئندہ بجٹ میں بجلی، گیس کی قیمتوں، اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ حکمران طبقہ عام آدمی اور تنخواہ دار طبقے کا خون نچوڑ رہا ہے۔ مالی سال میں تنخواہ دار طبقہ 500 ارب سے زیادہ ٹیکس دیا ہے حکمران طبقہ صرف 5 ارب کا ٹیکس دیا ہے جو انتہائی تشویشناک ہے۔ تقریب میں سیکڑوں جنرل جماعت اسلامی لاہور اظہر بلال، ڈپٹی سیکرٹری جماعت اسلامی لاہور عبدالعزیز عابد سمیت دیگر باہر معاشیات کے شعبے کے ماہرین اور وقاقی و صوبائی بجٹ کے حوالے موثر اور جامع تجاویز پیش کیں۔ ماہر معاشیات ڈاکٹر شاہدہ وزارت نے تقریب میں آن لائن شرکت و خطاب کیا۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ قومی بجٹ اپنا نقش بری طرح کھو چکا ہے۔ ایک سال میں کی بجٹ آتے ہیں۔ حکمرانوں نے قیام پاکستان سے لیکر اپنے مفادات کیلئے وہ کام کیا ہے جس میں ان کو فائدہ حاصل ہو۔ بدقسمتی سے 78 سال سے دوقومی نظریہ پر عملدرآمد نہیں ہو سکا۔

صوبائی دارالحکومت میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتیں

شہریوں سے لاکھوں روپے نقد، زیورات، موبائل فون، موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں کیخلاف شہریوں نے لاکھوں روپے زیورات، موبائل فونز، موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا، تفصیلات کے مطابق شیرا کوٹ میں اغوا کے 1 لاکھ 30 ہزار روپے اور موبائل فون، باغبانپورہ میں شاہد نامی شہری سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون، باغبانپورہ میں شاہد نامی شہری سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون×× غالب مارکیٹ میں اسد سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے اور موبائل فون×× سندہ میں نصیر سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے اور موبائل فون×× سندہ میں نصیر سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے اور موبائل فون×× ٹاؤن شپ میں ٹھوکر سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون، کوٹ لکھپت میں دیسم سے 70 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا، شاہدرہ، چوہدری ایبہ، ڈاکٹر ہاؤس اور گڑھی شاہو کے علاقوں میں شہریوں سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے نقد، زیورات اور موبائل فون چھین لیے گئے۔ ڈی آئی خان سے آئیز شوگر سینیٹوریم مظفر آباد سے جاری کیے گئے۔ ڈیانا ٹوئی آپریٹر اظہار الحق اور کانسٹیبل جواد حمید کو ڈینگی کے علاج کیلئے 102 کا ایمبولینس دی گئی تھی، ایمبولینس کو ڈینگی کے علاج معالجے کیلئے ضلع ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈی آئی خان منتقل کیا جانا تھا

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 26 مئی 2025ء

کریٹو یوتھ ورکشاپ آئس کونسل کی شاندار کاوش ہے کمشنر ساہیوال

ہمارے نوجوانوں کو نہ صرف جدید فنی مہارتیں فراہم کر رہی ہے بلکہ انہیں عملی زندگی کے تقاضوں سے ہم آہنگ بھی کر رہی ہے

ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سپرا سے) پنجاب کونسل آف دی آرٹس ساہیوال ڈویژن کے زیر اہتمام "Creative Youth Workshop" کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں نوجوانوں کی تخلیقی اور فنی صلاحیتوں کو جدید ڈیجیٹل تقاضوں کے تحت نکھارنے کا موقع فراہم کیا گیا تاکہ ان میں خود اعتمادی، تخلیقی اظہار، معاشی خودمختاری اور فکری مضبوطی پیدا ہو۔ مہمان خصوصی کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا "Creative Youth Workshop" آرٹس کونسل کی ایک شاندار اور بامقصد کاوش ہے جو ہمارے نوجوانوں کو نہ صرف جدید فنی مہارتیں فراہم کر رہی ہے بلکہ انہیں عملی زندگی کے تقاضوں سے ہم آہنگ بھی کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں تخلیقی قوتیں صرف تفریح تک محدود نہیں بلکہ قومی بیانیے کی تشکیل میں مؤثر کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل کو نیشنل ایکشن پلان بارے آگاہی فراہم کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان کا بنیادی مقصد ملک کو پرامن بنا کر ترقی کی راہیں ہموار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری نوجوان نسل نے حالیہ سوشل میڈیا وار میں جس شعور، حب الوطنی اور فکری پختگی کا مظاہرہ کیا، وہ قابل فخر ہے۔ یہ ورکشاپ ان کی تخلیقی قوتوں کو مثبت سمت عطا کر کے انہیں خود کفیل بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ایسے اقدامات نہ صرف ان کے اعتماد میں اضافہ کرتے ہیں بلکہ ملکی ترقی کا عملی ذریعہ بھی بنتے ہیں۔ ورکشاپ کا افتتاح ایریڈ ایگریکلچر یونیورسٹی راولپنڈی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزماں نے کیا جنہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ نوجوانوں میں تخلیقی صلاحیتیں بدرجہ اتم موجود ہیں لیکن ان کی درست سمت میں رہنمائی نہایت ضروری ہے۔ ایسی ورکشاپس نوجوانوں کے اندر چھپی صلاحیتوں کو اجاگر کر کے انہیں عملی زندگی میں کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر ریاض ہمدانی نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ نوجوانوں کی تخلیق کو مثبت سمت دے کر ان کے لیے معاشی و سماجی ترقی کے دروازے کھولے جائیں۔ یہ ورکشاپ اس سفر کی ایک اہم کڑی ہے جو نوجوانوں کو خودمختاری، پیشہ ورانہ تربیت اور قومی شعور سے جوڑتی ہے۔ ورکشاپ میں تین نمایاں شعبوں میں تربیت فراہم کی گئی۔



حاجی کیمپ انتظامیہ نے ڈویژن وارڈن 2 حدید بٹ کو تعریفی سند و انعام دیا گیا

چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر کپور سے انتظامیہ کا اظہار تشکر



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) حاجی کیمپ تربیتی کیمپ ڈیوٹی کے اختتام کے موقع پر سول ڈیفنس سیالکوٹ کے ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ کو حاجی کیمپ منتظمین کیجانب سے والنٹیرز کی جانب سے بہترین ڈیوٹی سرانجام دینے پر تعریفی سرٹیفکیٹ و گفٹ دیا گیا۔ انتظامیہ نے چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کو ان کے والنٹیرز و ڈویژن وارڈنز کی عازمین حج کو زبردست خدمات بہم پہنچانے پر خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر منتظمین نے کہا کہ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کیجانب سے ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ کی زیر نگرانی دو شفٹس میں سول ڈیفنس وارڈنز نے جس طرح عازمین حج کے تربیتی کیمپ میں بہترین ڈیوٹی کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ حقیقی معنوں میں پنجاب کی بیسٹ آرگنائزیشن ہے جو بنا کسی لالچ یا اعزازیے کے محض اللہ کی رضا کیلئے اپنے شہریوں کی خدمت میں پیش پیش رہتی ہے۔

شہر میں ضلع بھر میں گرمی کی شدت اور مسافر گاڑیوں کے پرانے ٹائر حادثات کا سبب بننے لگے

جہلم (بیورو رپورٹ) شہر سمیت ضلع بھر میں گرمی کی شدت اور مسافر گاڑیوں کے پرانے ٹائر حادثات کا سبب بننے لگے موٹر وہیکل انجینئر اور سیکرٹری روڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی جانب سے ٹرانسپورٹرز کو گرمی میں گاڑیوں کے ٹائرز تبدیل کرنے سے متعلق ترغیب نہ دی جا سکی پرانے ٹائروں والی گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں بھی شروع نہ ہو سکیں گرمی کی شدت میں اضافہ ہونے کے باوجود ہوٹر وہیکل انجینئر سیکرٹری روڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی حرکت میں نہیں آسکے موجودہ صورتحال میں درجہ حرارت 40 سے 44 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ چکا ہے مگر پبلک ٹرانسپورٹ سروس کے لیے استعمال ہونے والی گاڑیوں کے پرانے ٹائرز ہی چلائے جا رہے ہیں۔

جہلم ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے سول لائن روڈ، ڈھوک جمعہ روڈ، اولڈ جی ٹی روڈ کچہری روڈ تحصیل روڈ اور شہر کے دیگر مختلف علاقوں کا دورہ کیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے سول لائن روڈ، ڈھوک جمعہ روڈ، اولڈ جی ٹی روڈ کچہری روڈ تحصیل روڈ اور شہر کے دیگر مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ٹیموں سے ملاقات کی سڑکوں، گلیوں اور، چوک چوکوں بازاروں میں صفائی کی جاری سرگرمیوں، کوڑا کرکٹ کی تلفی اور کوڑے دانوں کی تنصیب کے عمل کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود ویسٹ مینجمنٹ ٹیمز کو ہدایت کی کہ صفائی کے نظام کو مزید فعال اور منظم بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ہر صورت شہر کو صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ صفائی کی بہتر سہولیات مہیا کرنا نہ صرف عوامی صحت کے لیے ناگزیر ہے بلکہ شہر کے حسن میں اضافے کا باعث بھی بنتی ہے

محمد عثمان ملک مسلم لیگ ن قلعہ احمد آباد سوشل میڈیا کے صدر کا نوٹیفکیشن جاری ہونے کی خوشی میں پرتکلف ضیافت کا انعقاد

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد عثمان ملک صدر موبائلز ایسوسی ایشن قلعہ احمد آباد کا سوشل میڈیا مسلم لیگ ن قلعہ احمد آباد صدر کا نوٹیفکیشن جاری ہونے کے اعزاز میں اہم شخصیات کی پرتکلف ضیافت۔ محمد عثمان ملک کو مسلم لیگ ن قلعہ احمد آباد کا صدر سوشل میڈیا پی پی 58 نارووال پاکستان مسلم لیگ ن منتخب ہونے پر موبائل ایسوسی ایشن قلعہ احمد آباد کے عہدیداران اور دیگر شخصیات نے پرتکلف ضیافت دی اور مبارکباد پیش کی۔ تقریب میں محمد رمضان بٹ سرپرست اعلی، میاں محمد شہباز سینیئر نائب صدر، محمد رضا جنرل سیکرٹری، میاں محمد عدیل اور محمد عبدالستار نے شرکت کی۔ تقریب میں احمد آباد کی سیاسی سماجی اور فلاحی شخصیت محمد احتشام بٹ راہنما پاکستان مسلم لیگ (ن) نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ محمد عثمان ملک نے شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ میں اپنی ذمہ داریاں نیک نیتی، دیانتداری اور خلوص نیت سے سرانجام دیتا رہوں گا۔

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں 5 روزہ انسداد پولیو مہم کی افتتاحی تقریب

اسسٹنٹ کمشنر اعظم خان کے ہمراہ پولیو مہم کا افتتاح کیا اس موقع پر ہسپتال انتظامیہ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی کثیر تعداد بھی موجود تھی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں 5 روزہ انسداد پولیو مہم کی افتتاحی تقریب، ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید علاؤالدین نے اسسٹنٹ کمشنر اعظم خان کے ہمراہ پولیو مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ہسپتال انتظامیہ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی کثیر تعداد بھی موجود تھی، ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید علاؤالدین نے کہا کہ اس داد پولیو مہم کے تحت تحصیل بھر کو پولیو فری بنانے کے لیے ٹیم میں تفویض کی گئی ذمہ داریوں کو ان تھک انداز میں سرانجام دیں اور پولیو ورکرز گھر گھر کیمپ لگا کر اور مختلف فکسڈ اور ٹرانزٹ پوائنٹس پر بچوں کی پولیو ویکسینیشن کریں، انہوں نے کہا کہ پولیو سے بچاؤ کے لیے والدین اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کے لیے پولیو ویکسین کے قطرے ضرور پلوائیں۔

مالی مسائل کا حل نوجوانوں کی کاروباری سرگرمیوں میں مضمر ہے: حسن وسیم

ڈیجیٹل دور میں کاروبار پر توجہ دینے سے نہ صرف انفرادی خوشحالی آتی ہے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیئرمین پنجاب کوآپریٹو یونین حسن وسیم نے کہا ہے کہ مالی مسائل کا حل نوجوانوں کی کاروباری سرگرمیوں میں مضمر ہے۔ ڈیجیٹل دور میں کاروبار پر توجہ دینے سے نہ صرف انفرادی خوشحالی آتی ہے بلکہ نسلیں بھی سنور جاتی ہیں ایک نوکری صرف ایک خاندان کی ضروریات پوری کر سکتی ہے جبکہ کاروبار پر مضبوط گرفت خاندان کے معاملات حل کرنے کے ساتھ ساتھ آنے والی نسلوں کی بہتری میں بھی معاون ثابت ہوتی ہے۔ کاروبار کے ذریعے نہ صرف اپنے مسائل حل کیے جا سکتے ہیں بلکہ اردگرد کے مستحق افراد کی ضروریات بھی پوری کی جا سکتی ہیں اور ان کی مدد بھی کی جا سکتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نوجوانوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا حسن وسیم نے مزید کہا کہ موجودہ دور جدید ٹیکنالوجی کا ہے اور اس میں اگر انسان خود کو مضبوط نہیں بناتا تو یہ جہالت کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ سستی انسان کی تقدیر اور ارادوں کو ختم کر دیتی ہے لہٰذا ہر نوجوان کی ذمہ داری ہے کہ وہ کاروبار پر توجہ دے اور خوشحال زندگی بسر کرے

شہر کو خوبصورت و کشادہ بنانے کیلئے جامع حکمت عملی اپنائیں کمشنر گوجرانوالہ

تجاوزات کے خاتمے کیلئے باقاعدگی سے آپریشن جاری رکھا جائے اور اپنے اپنے اضلاع میں شہر کی گلیوں اور محلوں میں صفائی پر بھی خصوصی توجہ دی جائے



گوجرانوالہ 25 مئی (نوید بخاری/قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی واضح ہدایات کی روشنی میں شہر اور کشادہ بنانے کے لیے جامع حکمت عملی اپنائیں، تجاوزات کے خاتمے کیلئے باقاعدگی سے آپریشن جاری رکھا جائے اور اپنے اپنے اضلاع میں شہر کی گلیوں اور محلوں میں صفائی پر بھی خصوصی توجہ دی جائے۔ یہ بات انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی میٹنگ میں موجود تھے جبکہ ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک سے منسلک تھے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈپٹی کمشنرز سے کہا کہ اضلاع میں جاری ترقیاتی کاموں کی بروقت اور معیاری تکمیل پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ ان کے حقیقی ثمرات سے عوام مستفید ہو سکیں۔ بازاروں میں تجاوزات اور ٹریفک جام کے مسئلے کے حل کیلئے ٹریفک پولیس اور بلدیہ کے عملہ کی مستقل ڈیوٹی لگائی جائے اور گورننس میں بہتری کا واضح فرق نظر آنا چاہئے اور چیف سیکرٹری پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں تجاوزات کیخلاف آپریشن تیز کیا جائے انہوں نے کہا کہ صفائی ستھرائی کے نظام میں بہتری لاتے ہوئے ڈپٹی کمشنرز کڑی نگرانی کریں اور کوڑے کے ڈھیر ختم کروائے جائیں اس سلسلے میں کنٹریکٹر کو سختی سے پابند کریں کہ وہ روڈ کو صاف رکھنے کے لیے سٹاف تعینات کرے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ صفائی کے نظام کو خود مانیٹر کریں تاکہ شہر کو صاف ستھرا بنا کر اسکی خوبصورتی میں مزید بہتری لائی جا سکے انہوں نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی کے لیے اہم چوکوں میں خوبصورت مانومنٹس لگائے جائیں اور گرین بیلٹس کو سرسبز و شاداب رکھا جائے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔

پنجاب کے مختلف اضلاع میں شدید طوفان نے تباہی مچادی، بجلی کا نظام درہم برہم

سولر پینلز و برقی تنصیبات گرنے سے کروڑوں روپے کی موٹر کاریں و موٹر سائیکلیں تباہ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اسلام آباد سے لیکر پنجاب کے مختلف ڈویژن و اضلاع جہلم، گجرات، وزیر آباد، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، لاہور سمیت سارا پنجاب شدید طوفان بادو باراں کی زد میں رہا کئیں اضلاع میں تو گزشتہ پچاس سالہ شدید آندھی و طوفان کا ریکارڈ ٹوٹ گیا، جی ٹی روڈ ہو یا موٹروے ٹریفک رک گئی یا پھر روک دی گئی اس کے نتیجے میں بجلی کی تنصیبات، پول ٹرانسفارمر گرنے سے بجلی کا ترسیلی نظام درہم برہم ہوا تو کہیں دیواریں اور چھتیں گرنے سے متعدد اموات رپورٹ ہوئیں اور بیسیوں افراد زخمی ہوئے۔ پنجاب کے اضلاع میں شدید آندھی اور تیز ہواؤں نے تباہی مچادی جبکہ مختلف علاقوں میں دیواریں، درخت، تشہیری ہورڈنگز، پلرز، پیٹرول پمپس کی چھتیں، ہوٹلوں کی چھتیں دیواریں گرنے سے نقصانات ہوئے۔ تیز آندھی کے باعث شہر کے مختلف علاقوں میں کئی گھروں کی چھتوں پر نصب سولر پلیٹس، ہورڈنگ بورڈز اور دیگر سامان زمین بوس ہو گیا۔ کروڑوں روپے کی گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں بھی متاثر ہوئیں گرنے والے درختوں اور بورڈز نے انہیں نقصان پہنچایا جبکہ رات گئے بجلی کے ترسیلی نظام تقریباً آٹھ سے دس گھنٹے کے تعطل کے بعد بحال ہونا شروع ہوا۔

اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کی جمرہ شاہ مقیم میں ساہیوال واٹر اینڈ سینی ٹیشن سروسز کمپنی کے نمائندوں سے میٹنگ اور شہر کے مختلف مقامات پر صفائی انتظامات کا جائزہ،

دیپالپور (زاہد عمران تجوعہ) اور اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کی جمرہ شاہ مقیم میں ساہیوال واٹر اینڈ سینی ٹیشن سروسز کمپنی کے نمائندوں سے میٹنگ اور شہر کے مختلف مقامات پر صفائی انتظامات کا جائزہ، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کمپنی کے نمائندوں کو عوامی شکایات کے ازالہ کے سلسلہ میں مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات کرنے کی ہدایت کی، اسسٹنٹ کمشنر نے شہر کے متعدد مقامات پر صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا اور صفائی ستھرائی کے لیے بنائی گئی ٹیموں کو محنت اور جانفشانی سے فرائض کی ادائیگی پر زور دیا انہوں نے جمرہ شاہ مقیم میں وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر صاف ستھرا پنجاب کے سوک سنس کو عملی جامہ پہنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

نارنگ گردونواح میں آندھی سرخ طوفان بارش نے ہر طرف تباہی مچادی

ہر طرف دھول مٹی اور گرد و غبار کا راج لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ گردونواح میں آندھی سرخ طوفان بارش نے ہر طرف تباہی مچادی ہر طرف دھول مٹی اور گرد و غبار کا راج لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا سائن بورڈ گر گئے درخت اکھڑ گئے شاہراہ بلاک ٹریفک کی روانی میں مشکلات بجلی کا نظام درہم برہم کچھ علاقوں میں 16 گھنٹے بعد بجلی بحال ہوئی متعدد علاقے تاحال بجلی سے محروم تفصیل کے مطابق نارنگ شہر اور گردونواح میں تیز سرخ آندھی بارش نے تباہی مچادی متعدد درخت اکھڑ کر سڑکوں پر گر پڑے جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی شہر اور سڑکوں پر لگے سائن بورڈ گر پڑے بجلی کا نظام درہم برہم ہو گیا جس سے سارا علاقہ اندھیرے میں ڈوبا رہا اہل علاقہ خوف و ہراس میں مبتلا رہے واپڈا حکام کے مطابق شہر سمیت کئی علاقوں میں بجلی بحال کر دی گئی ہے مگر کئی علاقوں میں متعدد پول تاریں گرنے سے بجلی فراہمی متاثر ہوئی جس کو بحال کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

فیصل آباد: سکیورٹی کمپنیوں کا سکیورٹی گارڈز کا استحصال، وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات کی دھجیاں اُڑا دی گئیں

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے بھر میں مزدور طبقے کے لیے کم از کم اجرت 37,000 روپے مقرر کرنے کے احکامات جاری کیے تھے

فیصل آباد (رپورٹ: احسان بتول) پنجاب حکومت کی جانب سے کم از کم اجرت 37 ہزار روپے مقرر کیے جانے کے باوجود فیصل آباد کے سرکاری ہسپتالوں میں تعینات سکیورٹی گارڈز آج بھی بدترین استحصال کا شکار ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے بھر میں مزدور طبقے کے لیے کم از کم اجرت 37,000 روپے مقرر کرنے کے احکامات جاری کیے تھے، تاہم محکمہ لیبر پنجاب، محکمہ ہیلتھ اور دیگر متعلقہ اداروں کی ذمہ داری تھی کہ ان پر سختی سے عمل درآمد کرائیں، مگر صورتحال اس کے برعکس ہے۔ ذرائع کے مطابق فیصل آباد کے متعدد سرکاری ہسپتالوں میں کام کرنے والے سکیورٹی گارڈز کو آج بھی 20 سے 30 ہزار روپے ماہانہ تنخواہ دی جا رہی ہے۔ اس بدعنوانی میں صرف سکیورٹی کمپنیاں ہی نہیں بلکہ مبینہ طور پر ہسپتالوں کی انتظامیہ بھی شریک ہے۔ سکیورٹی کمپنیوں کے معاہدوں میں واضح درج ہوتا ہے کہ وہ حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق گارڈز کو مکمل اجرت دیں گی اور مطلوبہ تعداد میں سکیورٹی عملہ فراہم کریں گی، لیکن حقیقت میں معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے گارڈز کی تعداد کم رکھی جاتی ہے اور ان سے زائد ڈیوٹی لی جاتی ہے۔ حکومت سے عملہ افراد کا معاوضہ وصول کر کے کروڑوں روپے کی مبینہ خرد برد کی جا رہی ہے، جب کہ غریب گارڈز دو وقت کی روٹی کے لیے ترس رہے ہیں۔ ماہانہ لاکھوں روپے کے حکومتی فنڈز جاری ہونے کے باوجود یہ عملہ مزدور دشمنی اور قانون شکنی کی بدترین مثال بن چکا ہے۔ محکمہ لیبر پنجاب، محکمہ صحت پنجاب، اور ضلعی انتظامیہ اس سنگین معاملے پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہیں۔ شہری اور سماجی حلقوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، سیکرٹری لیبر، سیکرٹری ہیلتھ اور چیف سیکرٹری پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے کی فوری خفیہ انکوائری کروائی جائے، ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور سکیورٹی گارڈز کو ان کا حق دلوایا جائے۔ اگر حکومت واقعی مزدور دوست ہے تو اسے صرف احکامات جاری کرنے تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ اس پر عملدرآمد بھی یقینی بنانا ہوگا۔

اوکاڑہ عوامی میڈیا کونسل حلف وفاداری کی تقریب کا انعقاد

تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ عبدالجبار گجر سی سی ڈی کے ڈسٹرکٹ آفیسر مہر محمد یوسف۔ ڈسٹرکٹ ڈیفنس آفیسر ودیگر نے شرکت کی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ عوامی میڈیا کونسل حلف وفاداری کی تقریب پنجاب بھر سے جرنلسٹ جبکہ مقامی اعلی افسران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مقامی سیاستدان علما کرام اور ڈاکٹرز کی شرکت تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے سب سے بڑے میڈیا گروپ عوامی میڈیا کونسل کی حلف وفاداری 2025 کی تقریب بجی میرج ہال میں منعقد کی گئی تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ عبدالجبار گجر۔ سی سی ڈی کے ڈسٹرکٹ آفیسر مہر محمد یوسف۔ ڈسٹرکٹ ڈیفنس آفیسر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن اوکاڑہ سلمان شاہ مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری فیاض ظفر۔ غلہ منڈی کے صدر چوہدری حبیب الحق اور پنجاب بھر سے صحافیوں اور مقامی سیاستدانوں علما کرام اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی اس موقع پر شرکت کے لیے آنیوالے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا گیا تقریب میں ضلع بھر کے پریس کلبز۔ صحافتی تنظیموں کے عہدیداروں کی شرکت نے تقریب کو چار چاند لگا دیئے تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے شروع کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالجبار گجر نے عوامی میڈیا کونسل کے نومنتخب عہدیداروں سے حلف لیا۔ بعد ازاں صحافتی پلیٹ فارم کے ذریعے عوامی مسائل کو اجاگر کرنے۔ اور پسے ہوئے طبقے کی

پاکستان کا دفاع اس وقت مضبوط ہاتھوں میں ہے: وفاقی وزیر آبی وسائل میاں معین احمد خاں وٹو

پاکستان کی مسلح افواج ملک کی سرحدوں کی امین ہے جو کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے



دیپالپور (تحصیل رپورٹر) پاکستان کا دفاع اس وقت مضبوط ہاتھوں میں ہے پاکستان کی مسلح افواج ملک کی سرحدوں کی امین ہے جو کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے پاکی ہماری لائف لائن ہے سندھ طاس معاہدہ ایک قانونی ایگری منٹ ہے جس پر کوئی بھی فریق یکطرفہ فیصلہ نہیں کر سکتا وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے عالیہ انڈیا کے ساتھ کشیدگی میں پاکستان کی عوام کی ترجمانی کرتے ہوئے محل، بردباری اور پیشہ ورانہ سفارت کاری سے پوری دنیا میں پاکستان کا موقف بہترین انداز میں پیش کیا جس پر ہمیں بین الاقوامی طور پر سراہا گیا ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر آبی وسائل میاں معین احمد خاں وٹو نے معروف ماہر تعلیم، شاعر، ادیب، نامور فنکار، رائٹر، امتیاز احمد کوکب کی طرف سے منعقدہ ٹبی سدہ سنگھ میں پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ امتیاز احمد کوکب دیپال پور کی دھرتی کا درخشندہ ستارہ ہے جنہوں نے ہمیشہ اپنے مٹی سے محبت کی ہے سابق ایم این اے حاجی راؤ محمد اجمل خاں نے کہا کہ بلاشبہ افواج پاکستان نے اپنی مہارت سے انڈیا کو چاروں شانے چت کیا انہوں نے کہا کہ دنیا کو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ پاکستان ایک ذمہ دار ایٹمی طاقت ہے جسے دھونس اور زبردستی سے زیر اثر نہیں کیا جا سکتا انہوں نے امتیاز احمد کوکب کی گرانقدر خدمات پر ان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور نسل نو کی آبیاری کے لیے درس و تدریس سے نئی صبح کا آغاز کرنے پر ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اقلم ادارے کے قیام پر دس لاکھ روپے اپنی گرہ سے ادا کرنے کا بھی اعلان کیا معروف ماہر تعلیم پروفیسر اعجاز احمد، موٹیویشنل اسپیکر ندیم احمد ثاقب، میاں غلام احمد وٹو ایڈووکیٹ، سابق صدر بار میاں سجاد احمد خاں وٹو ایڈووکیٹ، سابق صدر بار میاں ماجد حسین فخر حیات وٹو ایڈووکیٹ، سابق صدر بار میاں ماجد حسین وٹو ایڈووکیٹ، سید محسن حیدر گیلانی، سردار خالد رؤف وٹو، انجمن تاجران کے صدر شیخ محمد سلیم، سابق چیئرمین منڈی احمد آباد مرزا ناظم بیگ، سابق سیکرٹری بار میاں عدنان سرور وٹو ایڈووکیٹ، میاں محمد اسلم ڈولہ پرنسپل اے آر سکینڈری سکول، اعظم ذیب پرنسپل، فورسز سکول، قاری حسن جمیل، شاہ بہرام چشتی، صدر دیپالپور پریس کلب و انجمن صحافیاں (رجسٹرڈ) 1991ء چوہدری محمد اشفاق سید اعجاز شاہ ایڈووکیٹ و دیگر مقررین نے بھی اپنے خطاب میں امتیاز احمد کوکب کو اپنی خداداد صلاحیتوں سے مستقبل کے معماروں کو مستفید کرنے کے لیے اور ٹبی سدہ سنگھ میں تعلیمی پسماندگی دور کرنے کے لیے اقلم ادارے کے قیام کو خوش آئند قرار دیا۔

ضلعی انتظامیہ چنیوٹ عیدالاضحی پر ضلع کو زیرو ویسٹ رکھنے کے لئے پرعزم ہے

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں فیصل آباد ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران سے عیدالاضحی صفائی پلان پر بریفنگ لی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی انتظامیہ چنیوٹ عیدالاضحی پر ضلع کو زیرو ویسٹ رکھنے کے لئے پرعزم ہے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں فیصل آباد ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران سے عیدالاضحی صفائی پلان پر بریفنگ لی۔ ڈسٹرکٹ مینیجر برہان حنیف نے عید صفائی پلان کے تحت دستیاب وسائل سے آگاہ کیا اور کرایہ پر لی جانے والی مشینری کی تفصیلات بتائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ دستیاب وسائل کو دانشمندانہ انداز میں بروئے کار لا کر ضلع کو صفائی کے لحاظ سے مثالی بنانا ہے۔ انہوں نے ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ٹیم کو ویسٹ جمع کرنے کے لئے بیگز کی دستیابی، عوامی آگاہی کے لئے موثر اقدامات کی تاکید کی۔ ڈپٹی کمشنر نے قربانی کے جانوروں کی خرید و فروخت کے لئے عارضی سیل پوائنٹس کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا اور اسسٹنٹ کمشنرز کو ٹاسک کی بہتر انجام دہی کی ہدایت کی۔ انہوں نے ضلع کے سیل پوائنٹس میں بیوپاریوں اور خریداروں کے لئے ہر ممکن سہولیات کا حکم دیا۔

مصطفی آباد سروس روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفی آباد سروس روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری، تجاوزات کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جائے گا، مین بازار مصطفی آباد میں بھی تجاوزات کو ختم کیا جائے گا، اسسٹنٹ کمشنر قصور اسفندیار نگیانہ کے مطابق وزیر اعلی پنجاب کے وژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر قصور کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر قصور اسفندیار کی زیر نگرانی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی مصطفی آباد فاروق احمد، میونسپل کمیٹی مصطفی آباد کے عملے کی تجاوزات کے خلاف آپریشن، سروس روڈ مصطفی آباد سے تجاوزات کا مکمل خاتمہ کر دیا گیا، تجاوزات کے خلاف آپریشن میں میونسپل کمیٹی مصطفی آباد، ایل ڈبلیو ایس سی مصطفی آباد، پولیس تھانہ مصطفی آباد نے حصہ لیا یاد رہے اس سے قبل بھی متعدد بار سروس روڈ سے تجاوزات کا خاتمہ کیا جا چکا ہے لیکن تجاوزات مافیا کی طرف سے چند گھنٹے بعد ہی تجاوزات دوبارہ بحال کر دی جاتی ہیں، اسسٹنٹ کمشنر قصور اسفندیار نے صدر انجمن تاجران مصطفی آباد باو غلام رسول کے ہمراہ مین بازار مصطفی آباد کا بھی وزٹ کیا اور مین بازار سے تجاوزات کے خاتمہ کے حوالے سے مشاورت کی، اسسٹنٹ کمشنر قصور اسفندیار نے کہا کہ سروس روڈ مصطفی آباد سے تجاوزات کا مکمل خاتمہ مشن ہے، وزیر اعلی پنجاب کے وژن کے مطابق تجاوزات کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جائے گا، متعدد بار آپریشن کر چکے ہیں آئندہ تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف مقدمات کے اندراج کا سلسلہ بھی شروع کیا جائے گا۔

پاکستانی قوم کا انڈیا کیخلاف بنیان مرصوص آپریشن میں افواج کیساتھ اتحاد و یگانگت مثالی تھا

مسلمان کلمے کی بنیاد پر حاصل کی گئی مملکت پاکستان کو کسی بھی صورت کمزور ہونے نہیں دیں گے

دیپالپور (زاہد عمران تجوعہ) پاکستانی قوم کا انڈیا کیخلاف بنیان مرصوص آپریشن میں افواج کیساتھ اتحاد و یگانگت مثالی تھا مسلمان کلمے کی بنیاد پر حاصل کی گئی مملکت پاکستان کو کسی بھی صورت کمزور ہونے نہیں دیں گے صیہونی قوتوں کی دینی مدارس کو ختم کرنے کی ہر دور میں کوشش رہی ہے اتحاد و اتفاق کی بدولت ایک ہی وار می

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

دہشت گردی

بلوچستان کے ضلع خضدار میں آرمی پبلک اسکول کی بس پر خودکش دہشت گرد حملے میں ابتدائی اطلاعات کے بموجب 4 معصوم بچوں سمیت 6 افراد کی شہادت اور 52 افراد کے زخمی ہونے کے دل دوز واقعہ نے پاکستانیوں کو غم و یاس سے اور دنیا بھر میں اعلیٰ انسانی اقدار عزیز رکھنے والے حلقوں کو اندیشوں میں مبتلا کیا ہے۔ جنوبی ایشیا کے حالیہ جنگی منظر نامے میں کیا ہی اچھا ہو کہ اقوام متحدہ کا ادارہ امن کوششوں میں زیادہ فعال نظر آئے اور اہم عالمی ممالک پس پردہ رابطے اور دوسرے ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے صورتحال کو گمبھیرتا سے بچانے میں کردار ادا کریں۔ تفصیلات سے ظاہر ہوتا ہے کہ بدھ کی علی الصبح آرمی پبلک اسکول خضدار کی بس کو ایک چھوٹی گاڑی کی ٹکر سے 30 کلو سے زائد بارود کے دھماکے کا نشانہ بنایا گیا جس کی شدت سے بس الٹ کر آگ کا شکار ہوگئی۔ سیکورٹی اہلکاروں اور امدادی کارکنوں نے بروقت پہنچ کر بچوں کو نکالا، 14 زخمی بچوں کو بذریعہ ہیلی کاپٹر کوئٹہ منتقل کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان اور کور کمانڈر کوئٹہ کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ شہدا میں دو فوجی جوان بھی شامل ہیں۔ امریکہ، چین اور اقوام متحدہ سمیت عالمی برادری کی طرف سے دہشت گردی کے اس واقعہ پر مذمتی بیانات کا سلسلہ جاری ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ہنگامی طور پر کوئٹہ کا دورہ کیا اور زخمیوں کی عیادت کی۔ وزیراعظم اور آرمی چیف کے بیانات لمحہ موجود کا یہ تقاضا اجاگر کر رہے ہیں کہ قوم غیر ملکی حمایت یافتہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کو اس کے منطقی اور فیصلہ کن انجام تک پہنچائے اور بھارتی جارحیت کے خلاف حال ہی میں ظاہر کئے گئے مضبوط عزم کا بھرپور مظاہرہ کرے۔ قومی اسمبلی میں حکومتی اور اپوزیشن ارکان کی طرف سے خضدار دہشت گردی پر مذمتی قرارداد کی منظوری سے قبل جن خیالات کا اظہار کیا گیا ان سے یہ تاثر نمایاں ہے کہ دہشت گردی کے تانے بانے بھارت سے ملتے ہیں۔ اگرچہ بھارتی وزارت خارجہ کے ترجمان کی طرف سے خضدار واقعہ کی مذمت اور اس سے لاتعلقی کا سامنے آنے والا اظہار نئی دہلی کے اس رویے سے مختلف معلوم ہوتا ہے جو جعفر ایکسپریس پر حملے سمیت دہشت گردی کی متعدد سنگین وارداتوں کے وقت نظر آیا۔ مگر سامنے آنے والے متعدد شواہد یہ واضح کر رہے ہیں کہ آرمی پبلک اسکول پشاور کے ہولناک سانحے کے منظر کا یہ دہراؤ بھارتی پشت پناہی کے بغیر ممکن نہیں تھا۔ بھارت کی عسکری جارحیت کے حالیہ واقعات کے بعد سیکورٹی ذرائع سمیت مختلف حلقوں کی طرف سے خدشہ ظاہر کیا جا رہا تھا کہ بھارت کو حالیہ مہم جوئی میں ملنے والی ہزیمتوں اور مودی سرکار کے بڑے دعووں کی ناکامی کی صورت میں نمایاں ہونے والی خفت مٹانے کے لئے پاکستان میں بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردی کے واقعات رونما ہو سکتے ہیں۔ مگر یہ توقع نہیں تھی کہ عالمی رائے عامہ کے موجودہ منظر نامے میں دشمن معصوم بچوں کو ہدف بنائے گا۔ اس میں شبہ نہیں کہ ملک کے بڑے شہروں اور دیگر حساس مقامات کی سیکورٹی پر عسکری اداروں کی ہر لمحے رکھی گئی گہری نظر کے باعث دہشت گردی کے متعدد منصوبے ناکام بنائے جا چکے ہیں جن میں مسروراییز بیس پر حملے کا منصوبہ بھی شامل ہے۔ مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ دہشت گردوں کو وار کرنے کے مواقع مل جاتے ہیں

سموکنگ۔ راحتِ جاں یا عذابِ جاں

تحریر: سید ارشد رضوی

عالمی ادارہ صحت ایک عرصے سے ٹوبیکو کنٹرول یعنی تمباکو پہ قابو پانے کی کوششوں میں سرگرداں ہے۔ اس کارِ خیر میں اس کے شریکِ کار دنیا کے 194 ممالک بھی ہیں جن کا مالی تعاون اور مدد اسے حاصل ہے۔ اب کچھ عرصے سے بعض ادارے، تنظیمیں، اور افراد عالمی ادارہ صحت سے بھی چار قدم آگے بڑھتے ہوئے اینڈ سموکنگ یعنی سگریٹ کے مکمل خاتمے کی بات کر رہے ہیں۔

ان سب کا کہنا ہے کہ سگریٹ نوشی انسانی ایک لاکھ انسانی قیمتی جانیں لقمہ اجل بن جاتی ہیں۔ ان سب کا غم تسلیم مگر انہوں نے کبھی سوچا ہے کہ اگر ان سب کی بات مانتے ہوئے ٹوبیکو پہ مکمل کنٹرول کر لیا جائے اور اینڈ سموکنگ کا خواب شرمندہ تعبیر ہو جائے تو قومی معیشت کو کتنا نقصان پہنچے گا اور بے روزگاری جو پہلے ہی عروج پہ ہے، کا خون خوار دیو کتنے پاکستانیوں کو مزید ہڑپ کر لے گا۔ تمباکو پیدا کرنے والے زمیندار و کسان سے لے کر تمباکو کے کھیتوں میں محنت مزدوری کرنے والوں، فیکٹری مالکان اور مل مزدوروں، روزگاروں کا ایک لا متناہی سلسلہ ہے جو کسی بھی حکومت۔ حتیٰ کہ عوام دوست حکومت کو بھی ناکوں چنے چبوا دے گا۔

چلو مان لیتے ہیں کہ عالمی ادارہ صحت اور اینڈ سموکنگ والوں کو عوام کی صحت کی بہت فکر ہے اور انہیں سگریٹ نوشی سے مرنے والوں کا غم ستائے رکھتا ہے تو اس کا کیا کیا جائے کہ پاکستان میں ہر سال کینسر سے ایک لاکھ 18 ہزار (118,000) لوگ مر جاتے ہیں اور ٹریفک حادثات میں سالانہ 27 ہزار) 582 عالمی ادارہ صحت کے مطابق (لوگ ان 27 ہزار 582 قیمتی جانوں کو بچانے کی فکر کسی حکومت کی ترجیح کیوں نہیں بنتی حالانکہ یہ بھی ووٹر ہوتے ہیں!

ویسے سوچنے کی یہ بات بھی ہے کہ سگریٹ بنانے والی فیکٹریوں کے مالکان اگر اپنے اور ملازمین کے حق کے لئے عدالت سے رجوع کریں تو ممکن ہے کہ ٹوبیکو کنٹرول اور اینڈ سموکنگ کی صداوں کے خلاف اور فیکٹری مالکان اور ملازمین و مزدوروں کے معاشی حق میں عدالت فیصلہ صادر فرما دے۔ پاکستان کے تمام سگریٹ ساز کارخانوں کے مالکان اس مقصد کے لئے ایک خصوصی اتحاد اور فنڈ قائم کر لیں تا کہ اپنے مقدمے کی پیروی کے لئے قابل سے قابل اور مہنگا ترین وکیل ہائیر کر سکیں۔

پاکستان کے ایک معروف سیاستدان کے بارے میں یہ بات مشہور ہے کہ کسی مقدمے کی پیروی کے لئے انہیں وکیل درکار تھا۔ ابا جی سے پوچھا کہ کون سا وکیل کریں تو ابا جی نے کہا بیٹا وکیل چھوڑ و جج ہی کر لو۔ اگر چند ملوں کے مالک جج کر سکتے ہیں تو پورے پاکستان کی سگریٹ ساز فیکٹریوں کے مالکان تو عدالت بھی کر سکتے ہیں۔ یہاں ایک سابقہ سموکر کا کہانی نما انٹرویو کا تذکرہ برمحل لگتا ہے:

سوال: آپ نے سگریٹ پینا کب چھوڑا اور کیوں؟ نہیں پہلے یہ بتائیں آپ نے سگریٹ پینا کب شروع کیا اور کیوں؟

سابقہ سموکر: آپ کا سوال دو حصوں پر مبنی ہے۔ میری مرضی ہے کہ کس حصے کا جواب پہلے دوں اور کس کا جواب بعد میں۔ میرے اور ہونی بھی چاہیے کہ میں نے سگریٹ پینا کیوں چھوڑا! آپ میرے اس خیال سے اتفاق کرتے ہیں!

:جی آپ بات کیجئے۔

سابقہ سموکر: دیکھیں جی سگریٹ نوشی چھوڑنے کے لئے چند باتوں کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔ پہلی یہ کہ جو بندہ سگریٹ چھوڑنا چاہتا ہے اس کے لئے یہ بنیادی شرط ہے کہ وہ سگریٹ پیتا ہو۔

:یہ کیا بات ہوئی! ظاہر ہے وہی سگریٹ نوشی چھوڑے گا جو سگریٹ پیتا ہے۔ سابقہ سموکر: اوں ہوں۔ یہ بہت بڑی غلط فہمی ہے۔ اب فرض کیجئے ایک شخص کے ہاتھ میں سگریٹ ہے جو سلگا ہوا نہیں ہے۔ اسے کوئی دوسرا آدمی یا عورت کہتی ہے یہ بری چیز ہے اسے چھوڑ دو

"زندہ، تابندہ، شرمندہ، درندہ اور نجات دہندہ"



تحریر: ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی

بات تو عام سی ہے مگر برمحل ہے شعر عرض ہے:

مدعی لاکھ برا چاہے تو کیا ہوتا ہے
وہی ہوتا ہے جو منظورِ خدا ہوتا ہے

قیام پاکستان کی سکیم کا اعلان ہوا تو کسی نا ہنجار نے بڑے تکبر سے دعویٰ کیا:- " پاکستان اپنی موت آپ مر جائے گا"۔ تاریخ نے ان صاحب کے منہ پہ ہی نہیں، پتہ نہیں کہاں کہاں خاک ڈالی اور خوب ڈالی۔ ماضی نے اس دعویٰ پر اور دعویٰ کرنے والے کے منہ پر تھوکا۔ حال تھوک رہا ہے اور مستقبل بھی تھوکتا رہے گا۔ انشاء اللہ۔ تقریباً ایک صدی ہونے کو آئی ہے، پاکستان نہ صرف زندہ ہے بلکہ تابندہ ہے، ہمارا دشمن انسان نہیں، درندہ ہے، ہر موقع پہ ہوا شرمندہ ہے، ہمارا دین ہی ہمارا نجات دہندہ ہے۔ چند لوگ سمجھتے ہیں کہ مذہب کے نام پر ملک بنانا بہت بڑی غلطی ہے۔ انہیں اسرائیل کا وجود غلط نہیں لگتا کیونکہ اسرائیل کے قیام میں ان کے اپنے پردہ نشینوں کے نام آتے ہیں۔ آج بھی ہر صاحبِ عقل اور صاحبِ دل انسان اسرائیل کے کرتوتوں کے خلاف ہے۔ دنیا جہان میں اسرائیل کے مظالم کے خلاف ریلیاں نکالی جا رہی ہیں لیکن کوئی بھی اسرائیل کے وجود کو غلط تسلیم کرنا تو درکنار اس بابت گفتگو کرنا بھی مناسب خیال نہیں کرتا۔ دوسری جانب سوشل میڈیا پر آج بھی ایسے ایسے ڈیبیٹل فلفکٹیٹھے ہیں جو دن رات یہی کہتے رہتے ہیں کہ اسلام کے نام پر ملک کیسے بنایا جا سکتا ہے؟ بھارت میں مسلمانوں کی خاصی تعداد آج بھی آباد ہے تو پاکستان کیوں بنایا گیا؟ موجودہ دنیا میں بھی اکثر ممالک کی اپنی ایک مذہبی شناخت ہے لیکن پھر بھی قیام پاکستان کے دشمن ہمارے وجود کے متنازع بنانے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ چند بنیادی اہمیت کے سوال بڑے اہم ہیں مثلاً اسرائیل کا قیام کیوں عمل میں لایا گیا؟ اگر مذہبی شناخت کی بنیاد پر الگ وطن نہیں بنایا جا سکتا تو انسانوں کے کسی گروہ کو کن کن وجوہات کی بنا پر الگ الگ وطن حاصل کرنے کا مطالبہ کرنے کا حق حاصل ہے؟ ایسے کئی اور سوالات ذہن میں جنم لیتے ہیں جن کی بابت راقم کے خیالات آئندہ کالم میں آپکی خدمت میں پیش کئے جائیں گے۔

آج ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہتے ہیں۔ ہمارے ہاں تفکر کے بعد "یوم تشکر" منایا گیا۔ ہماری فوج اور عوام اپنے ملک کے تحفظ کے لیے تفکر بھی کرتے ہیں اور تدبر بھی اور انہی لوگوں کی کاوشوں کے بدولت قوم زندہ ہے اور انشاء اللہ قوم کا مستقبل تابندہ بھی ہے۔ "آپریشن بنیان مرصوص" نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا " درندہ جتنا بھی خطرناک ہو، مسلمان کے ایک نعرہ تکبیر کی مار ہے"۔ پاکستان کی بقا کے لیے ہر پاکستانی اپنی جان کی بازی لگانے کے لیے تیار ہے۔ شاعر نے فرمایا؛

وطن چمکتے ہوئے کنکروں کا نام نہیں
یہ تیرے جسم اور روح سے عبارت ہے

پاک وطن کے لیے ہم نے اتنی قربانیاں دی ہیں کہ شاید دنیا میں کسی قوم نے آزادی کے لیے اتنی قربانیاں دی ہوں۔ ہر گھر کا کوئی نہ کوئی فرد وطن کے لیے جام شہادت نوش کر چکا ہے۔ ہم شہیدوں کی قوم ہیں۔ ہمارے خون میں وطن کی محبت شامل ہے۔ شاعر نے بجا کہا:۔

اے پتر ہٹاں تے نئیں وکدے توں لبھنی ایں وچ بازار کڑے
اے دین اے میرے داتا دی نہ ایویں ٹکراں مار کڑے
اے پتر وکاؤ چیز نئیں مل دے جھولی پائیے نی
اے ایڈا ستا مال نئیں کی توں جا کے منگ لیا ئیے نی
اے سودا نقد وی نئیں ملدا تو لبھدی پھریں ادھار کڑے
اے پتر ہٹاں تے نئیں وکدے
اے شیر بہادر غازی نیں اے کے کولوں وی ہردے نئیں
انیاں دشمناں کولوں کی ڈرنا اے موت کولوں وی ڈردے نئیں
اے اپنے دیس دی عزت توں جان اپنی دینے وار کڑے
اے پتر ہٹاں تے نئیں وکدے
دھن بھاگ نیں اونہاں ماواں دے جنہاں ماواں دے لائے نیں
دھن بھاگ نیں بھین بھراواں دے جنہاں گودیاں ویر کھڈائے نیں
مان نیں ماناں والئے دے نئیں ایس دی تینوں ساڑھ کڑے
اے پتر ہٹاں تے نئیں وکدے

ہمیں کوئی درندہ نہ آج تک مٹا سکا ہے نہ آئندہ مٹا پائے گا۔ ہر پاکستانی ہر درندے کو ایسا سبق سکھائے گا کہ یقین آ جائے گا۔ مظلوم کو ظالم سے پاکستان ہی بچائے گا۔ دنیا میں جہاں بھی ظلم ہو رہا ہے ہم نے اپنی آواز بلند کی ہے۔ مسلمان جہاں ظلم ہوتے دیکھتا ہے، ہاتھ سے روکتا ہے، ہاتھ سے نہیں روک سکتا تو زبان سے روکتا ہے، زبان سے نہیں روک سکتا تو دل میں برا ضرور سمجھتا ہے۔ یو این او کے امن مشنز میں ہماری فوج ہمیشہ شامل رہی ہے۔ دنیا کی ہر تنظیم کے پلیٹ فارم سے ہم ظلم کے خلاف آواز بلند کرتے رہے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ ہمارا درندہ نما دشمن ہمیں زندہ دیکھ کر کبھی شرمندہ ہوتا ہے، کبھی مزید خون خوار ہونے کی کوشش کرتا ہے۔ ہماری فوج اسلام کی فوج ہے، ہر مظلوم کی فوج ہے۔ ہماری فوج کا خمیر حق پرستی سے اٹھا ہے۔ ہر فوجی جانتا ہے کہ جو اللہ کی راہ میں پہرا دے، اللہ تعالیٰ اس پر جہنم کی آگ حرام کر دیتے ہیں۔ ہمارے فوجی اپنے اسلاف کے ورثہ کے بہترین وارث ہیں۔ جانتے ہیں کہ مسلمان ہمیشہ موت کو زندگی سے عزیز رکھتے آئے ہیں۔ وہ موت تو موت ہی نہیں جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں آئے کیونکہ شہید کے مقام کے کیا ہی کہنے۔ شہید جنت کی نعمتوں کے حصول کے باوجود دنیا میں دوبارہ آنے کی خواہش کرے گا۔ جھنگ والوں کو جنگ میں بھی مذاق سوجھتا ہے۔ ایک حالیہ سروے کے مطابق پاکستانی دنیا کی خوش مزاج ترین قوم ہے۔ ایک جھنگوی نے دشمن کو پیغام دیا:- "قد کے وجہ سے کوئی اونٹ مجسٹریٹ نہیں لگ جاتا۔ رقبے اور آبادی کی بدولت فتح نہیں ملتی، جذبے لڑتے ہیں اور ہمارے جیسا جذبہ کسی میں نہیں "۔

?وطن کی مٹی گواہ رہنا، گواہ رہنا!
وطن کی مٹی گواہ رہنا، گواہ رہنا!
وطن، وطن، وطن کی مٹی گواہ رہنا گواہ رہنا!
وطن کی مٹی عظیم ہے تو
عظیم تر ہم بنا رہے ہیں۔ گواہ رہنا!
وطن کی مٹی گواہ رہنا۔ گواہ رہنا!
تیرے مغنی کی ہر صدا میں
تیری ہی خوشبو مہک رہی ہے
ہر ایک سر میں ہر ایک لے میں
تیری محبت چمک رہی ہے۔ گواہ رہنا!
وطن کی مٹی گواہ رہنا۔ گواہ رہنا!
تیری زمیں کے یہ چاند تارے
ہے جن کی آنکھوں میں پیار تیرا
تیری زمیں کے یہ چاند تارے
ہے جن کی آنکھوں میں پیار تیرا
صداقتوں کے دیئے جلا کر
بڑھا رہے ہیں وقار تیرا۔ گواہ رہنا!
وطن کی مٹی گواہ رہنا۔ گواہ رہنا!
ہر ایک دل میں تیری لگن ہے
تیری ہی جانب ہر اک نظر ہے
ہر ایک دل میں تیری لگن ہے
تیری ہی جانب ہر اک نظر ہے
تیری حفاظت کا عزم لے کر
ہر ایک اپنے محاذ پر ہے۔ گواہ رہنا!
وطن کی مٹی گواہ رہنا۔ گواہ رہنا!
وطن، وطن، وطن کی مٹی گواہ رہنا گواہ رہنا!
وطن کی مٹی عظیم ہے تو
عظیم تر ہم بنا رہے ہیں۔ گواہ رہنا!
وطن کی مٹی گواہ رہنا۔ گواہ رہنا!
گواہ رہنا! گواہ رہنا! گواہ رہنا! گواہ رہنا!
آیئے! اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اور بھرپور طریقے سے یوم تشکر منائیں۔ دشمن کو جتلائیں کہ آئندہ وہ ہمیں نہ آزمائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمارا حامی و ناصر ہو۔

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر پاکستان کا فخر



تحریر: عبدالرحمٰن رامے

پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ وہ شخصیات یاد رکھی گئی ہیں جنہوں نے اپنی بصیرت، کردار، اور بے لوث خدمت سے قوم کو فخر کا احساس دلایا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بھی ان عظیم شخصیات میں شامل ہیں جنہوں نے پاک فوج کی قیادت نہایت وقار، تدبر اور حب الوطنی سے کی، اور اپنے کردار سے قوم کا سر فخر سے بلند کیا۔ سید عاصم منیر نہ صرف ایک تجربہ کار سپاہی ہیں بلکہ ایک ذہین اور صاحبِ بصیرت منتظم بھی ہیں۔ ان کا کیریئر مختلف اہم عسکری اور انٹیلیجنس اداروں میں خدمات انجام دینے پر مزین ہے، جن میں ڈی جی ایم آئی (ملٹری انٹیلیجنس) اور ڈی جی آئی ایس آئی (انٹر سروسز انٹیلیجنس) جیسے حساس ترین عہدے شامل ہیں۔ یہ بات ان کی پیشہ ورانہ مہارت، ایمانداری اور خلوص نیت کی عکاسی کرتی ہے کہ انہیں مسلسل اہم ذمہ داریاں سونپی جاتی رہیں۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے نہ صرف اندرونی سیکیورٹی کے معاملات میں استحکام پیدا کیا بلکہ سرحدی چوکسی اور بین الاقوامی محاذ پر بھی قومی وقار کا بھرپور دفاع کیا۔ ان کا نظریہ ہے کہ فوج کا کام صرف سرحدوں کی حفاظت تک محدود نہیں بلکہ قوم کی تعمیر و ترقی میں بھی فوج کو بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ اسی سوچ کے تحت پاک فوج نے حالیہ برسوں میں ترقیاتی منصوبوں، قدرتی آفات میں ریسکیو آپریشنز، اور عوامی خدمت کے کئی میدانوں میں قابلِ ستائش کام کیا۔ عاصم منیر کی شخصیت میں عاجزی، بردباری اور دیانت نمایاں ہے۔ وہ اپنی تقریروں اور بیانات میں ہمیشہ اتحاد، قانون کی بالادستی، اور ادارہ جاتی ہم آہنگی پر زور دیتے ہیں۔ ان کی قیادت میں فوج نے سیاسی غیر جانبداری کو ترجیح دی، اور ملکی استحکام کو اولین مقصد قرار دیا۔ پاکستان کو آج جن چیلنجز کا سامنا ہے، چاہے وہ داخلی ہوں یا خارجی، ایسے وقت میں ایک مضبوط، محبِ وطن اور دور اندیش قیادت کی ضرورت ہے۔ پاکستان کے ایک معروف سیاستدان کے بارے میں یہ بات مشہور ہے کہ کسی مقدمے کی پیروی کے لئے انہیں وکیل درکار تھا۔ ابا جی سے پوچھا کہ کون سا وکیل کریں تو ابا جی نے کہا بیٹا وکیل چھوڑ و جج ہی کر لو۔ اگر چند ملوں کے مالک جج کر سکتے ہیں تو پورے پاکستان کی سگریٹ ساز فیکٹریوں کے مالکان تو عدالت بھی کر سکتے ہیں۔ یہاں ایک سابقہ سموکر کا کہانی نما انٹرویو کا تذکرہ برمحل لگتا ہے:

سوال: آپ نے سگریٹ پینا کب چھوڑا اور کیوں؟ نہیں پہلے یہ بتائیں آپ نے سگریٹ پینا کب شروع کیا اور کیوں؟

سابقہ سموکر: آپ کا سوال دو حصوں پر مبنی ہے۔ میری مرضی ہے کہ کس حصے کا جواب پہلے دوں اور کس کا جواب بعد میں۔ میرے اور ہونی بھی چاہیے کہ میں نے سگریٹ پینا کیوں چھوڑا! آپ میرے اس خیال سے اتفاق کرتے ہیں!

:جی آپ بات کیجئے۔

سابقہ سموکر: دیکھیں جی سگریٹ نوشی چھوڑنے کے لئے چند باتوں کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔ پہلی یہ کہ جو بندہ سگریٹ چھوڑنا چاہتا ہے اس کے لئے یہ بنیادی شرط ہے کہ وہ سگریٹ پیتا ہو۔

:یہ کیا بات ہوئی! ظاہر ہے وہی سگریٹ نوشی چھوڑے گا جو سگریٹ پیتا ہے۔ سابقہ سموکر: اوں ہوں۔ یہ بہت بڑی غلط فہمی ہے۔ اب فرض کیجئے ایک شخص کے ہاتھ میں سگریٹ ہے جو سلگا ہوا نہیں ہے۔ اسے کوئی دوسرا آدمی یا عورت کہتی ہے یہ بری چیز ہے اسے چھوڑ دو

فلسطین جل رہا ہے، ہم خاموش کیوں ہیں؟

تحریر: الطاف حسن قریشی

ایک مدت سے تاریخ پیدائش غیر معمولی اہمیت اختیار کر چکی ہے، کیونکہ قسمت کا حال بتانے والے نجومی سب سے پہلے تاریخ پیدائش معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ ایک ستارہ شناس محترمہ اپنی گفتگو میں اِس واقعے کا ذکر کرتی ہیں کہ میرے با اعتماد دوستوں نے لیفٹیننٹ جنرل سید عاصم منیر کی تاریخ پیدائش فراہم کی تھی۔ میں نے اس کی بنیاد پہ ان کا زائچہ بنایا اور جب ان سے ملاقات ہوئی، تو میں نے انھیں آرمی چیف بننے کی خوشخبری دی۔ انھوں نے کہا کہ آرمی چیف کی تعیناتی سے ایک دو ماہ پہلے میں ریٹائر ہو جاوں گا، اِس لیے مجھے تمہاری پیشین گوئی درست معلوم نہیں ہوتی۔ مجھے اپنے زائچے کی صحت پر پورا یقین تھا، اِس لیے میں نے انھیں دوسری بار مبارکباد پیش کی اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ آرمی چیف کے منصب پر فائز ہوئے۔ مجھے سمیعہ خاں کی مستقبل بینی پر بہت رشک آیا۔ ان کے ہاں بلا کا اعتماد بھی ہے اور غضب کا انکسار بھی۔ وہ کہتی ہیں کہ علمِ غیب تو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ ہم جوستاروں کی چالوں کا علم حاصل کرتے ہیں، وہ نہایت محدود ہوتا ہے، البتہ اگر اس محدود علم کو دانشمندی سے استعمال کیا جائے، تو آنے والے حالات کا ادراک حاصل ہو جاتا ہے۔

انگریزوں کے عہد میں تاریخ پیدائش کے فوری اندراج کا سرے سے کوئی بندوبست نہیں تھا، اِس لیے ہمارے عظیم قائد کی تاریخ پیدائش کے بارے میں محققین ایک سے زائد تاریخ پیدائش دریافت کر چکے ہیں جن میں برسوں کا اختلاف ہے۔ میں جو قوم کا ایک ادنیٰ خادم ہوں، میری تاریخ پیدائش کے ساتھ بھی ایک عجیب وغریب واقعہ پیش آیا۔ 1947 کے اوائل میں ہمیں میٹرک امتحان کا فارم پر کرنا تھا۔ میرے ایک مشفق استاد حافظ نعمت اللہ نے مجھ سے کہا کہ تم اپنے کوائف جمع کرلو، تو میں تمہارا فارم پر کر دوں گا۔ میں نے اپنا نام الطاف حسن راہبر لکھا اور جائے پیدائش کے خانے میں ہابڑی درج کیا۔ تاریخ پیدائش فروری 1931 لکھی جو میرے بڑے بھائی اعجاز حسن قریشی کی تاریخ پیدائش کی بنیاد پر نکالی گئی تھی۔ استادِ محترم شاید میرا لکھا ہوا ٹھیک طور پر پڑھ نہیں سکے اور انھوں نے میرا نام الطاف حسن راہِ طور درج کیا۔ جائے پیدائش کے بارے میں ان کی رائے یہ تھی کہ ہابڑی ضلع کرنال کی ایک چھوٹی سی بستی ہے جسے کم لوگ ہی جانتے ہیں۔ اگر تحقیقات کا مرحلہ آ گیا، تو بہت دشواری پیش آئے گی۔ ہندو لوگ بڑے چالاک اور مکار ہیں اور وہ کسی وقت بھی کوئی مسئلہ کھڑا کر سکتے ہیں۔ تاریخ پیدائش انھوں نے 3 مارچ 1932 درج کی کہ اِس طرح تم دسویں پندرہ سال کی عمر میں پاس کر لو گے اور تمہارے لیے آگے بڑھنے کے لیے بڑا وقت ہو گا۔ ان دنوں میٹرک کا امتحان پنجاب یونیورسٹی کے زیرِ اہتمام لیا جاتا تھا۔ امتحان دینے کے بعد پنجاب کے مختلف علاقوں میں فسادات پھوٹ پڑے جس کے باعث امتحان کا نتیجہ جون کے آغاز میں سنایا گیا۔ اس کے چند ہی ہفتوں بعد پاکستان وجود میں آ گیا اور ہماری بستی میں مہاجر کیمپ قائم کر دیا گیا جس سے باہر ہم نہیں جا سکتے تھے اور نیا پالی فوج ہماری حفاظت پر مامور تھی۔ ہم نومبر میں ریل کے ذریعے پاکستان پہنچے اور ہارون آباد سے ہوتے ہوئے لاہور آ گئے جہاں ہمارے بڑے بھائی جناب گل حسن چوبرجی کوارٹرز میں مقیم تھے۔ انھوں نے حصار سے پاکستان کا آپشن دیا تھا اور ان کا تبادلہ لاہور کر دیا گیا تھا۔ میں نے ان سے ٹیلی گرافی کا ہنر سیکھا۔ اس وقت میری عمر بمشکل سولہ سال تھی جبکہ حکومت کی ملازمت حاصل کرنے کے لیے کم از کم عمر اٹھارہ سال درکار تھی۔ ان دنوں محکمہ انہار میں سکنلیر کی آسامیاں بڑی تعداد میں خالی پڑی تھیں کیونکہ ہندو اور سکھ پاکستان چھوڑ کر بھارت چلے گئے تھے، چنانچہ مجھے سولہ سال کی عمر ہی میں سرکاری ملازمت مل گئی۔ سکنلیر کی ملازمت مجھے بہت راس آئی۔ میں نے دس بارہ سال ملازمت کی اور جب استعفیٰ دیا، تو میں ادیب فاضل کے علاوہ پولیٹیکل سائنس اور علومِ اسلامیہ میں پنجاب یونیورسٹی سے ماسٹرز کر چکا تھا اور پولیٹیکل سائنس میں پوری یونیورسٹی میں اول آیا تھا۔ اِس کے بعد اللہ تعالیٰ کی ذات ہم دونوں بھائیوں کو کوچہ صحافت میں لے آئی اور ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی کی قیادت میں اردو ڈائجسٹ کا اجرا عمل میں آیا جسے قدرت نے بڑی مقبولیت عطا کی۔ ابھی چند ہفتے پہلے میرے محترم دوست جناب پروفیسر خورشید احمد جہانِ فانی سے کوچ کر گئے۔ ان کی شخصیت کے بارے میں جو مضامین لکھے گئے، ان میں ان کی تاریخ پیدائش 23 مارچ 1932 درج تھی۔ مجھے حیرت ہوئی کہ میری تاریخ پیدائش ان کی تاریخ پیدائش سے بہت قریب ہے۔ تب اچانک میرے دل میں اپنی حتمی تاریخ پیدائش کا سراغ لگانے کا احساس شدت اختیار کر گیا۔ میں نے اپنے حافظے پر زور دیا۔

ارے واہ، یہ تو بالکل میری طرح ہے، بس مجھ سے بہتر!

اساتذہ تیزی سے اے آئی کو اپنی کلاسز میں شامل کر رہے ہیں اور کورسز کو اس بنیادی تبدیلی کے مطابق ڈھال رہے ہیں، لیکن کچھ فلسفی اور ماہرین مستقبل کے نصاب کو مکمل طور پر از سرِ نو تحریر کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ حامیوں کے مطابق، توجہ کا مرکز اب تنقیدی سوچ، منطق اور استدلال ہونا چاہیے۔ ان صلاحیتوں کے بغیر اے آئی پر بہت زیادہ انحصار کرنے کا خطرہ ہے۔ اگر ہماری ساری استدلالی ذمہ داریاں چیٹ جی پی ٹی جیسے ٹولز سنبھال لیں اور وہ تمام حقائق اپنے پاس رکھ لیں جنہیں ہم پہلے یاد رکھنے پر مجبور ہوتے تھے، تو خطرہ ہے کہ ہمارا دماغ استعمال نہ ہونے کی وجہ سے کمزور ہونے لگے۔

اسی سال کے شروع میں، مائیکروسافٹ اور امریکہ کی کارنیگی میلن یونیورسٹی کے محققین نے معلوم کیا کہ تخلیقی اے آئی پر حد سے زیادہ انحصار کرنے سے کارکن تخلیقی صلاحیت، فیصلہ سازی اور مسئلہ حل کرنے جیسی بنیادی صلاحیتیں کھو رہے ہیں۔

اپنی تحقیق میں انہوں نے لکھا: اگر ٹیکنالوجیز کا غلط استعمال کیا جائے، تو یہ ان ذہنی صلاحیتوں کے زوال کا باعث بنتی ہیں، جنہیں محفوظ رہنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا: آٹومیشن کی ایک بڑی ستم ظریفی یہ ہے کہ جب وہ معمول کے کام میکانکی طریقے سے سنبھال لیتی ہے اور غیر معمولی صورتِ حال کا سامنا انسانی صارف پر چھوڑتی ہے، تو وہ صارف کو فیصلے کی مشق کے مواقع سے محروم کر دیتی ہے اور یوں ذہنی صلاحیت کمزور ہو جاتی ہے۔

یہ طرزِ عمل سوشل میڈیا پر اے آئی کے استعمال میں بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ حالیہ وائرل رجحان میں لوگ ایک چیز کاغذ یا کپڑے کے پیچھے رکھ کر فلم بنا رہے ہیں اور پوچھتے ہیں: آئینہ کیسے جانتا ہے کہ اس کے پیچھے کیا ہے؟ ایکس) سابقہ ٹوئٹر (پر ایک حالیہ ویڈیو پر درجنوں صارفین نے ایلون مسک کی کمپنی ایکس اے آئی کے چیٹ بوٹ گروک (Grok) کو ٹیگ کیا تا کہ اس کا جواب معلوم کیا جا سکے۔ اے آئی چیٹ بوٹ نے حسبِ فرمائش جواب دیے، بجائے اس کے کہ صارفین خود اپنا ذہن استعمال کر کے کسی نتیجے پر پہنچتے۔

ایکس) سابقہ ٹوئٹر (پر ایک حالیہ ویڈیو پر درجنوں صارفین نے ایلون مسک کی کمپنی ایکس اے آئی کے چیٹ بوٹ گروک (Grok) کو ٹیگ کیا تا کہ اس کا جواب معلوم کیا جا سکے۔ اے آئی چیٹ بوٹ نے حسبِ فرمائش جواب دیے، بجائے اس کے کہ صارفین خود اپنا ذہن استعمال کر کے کسی نتیجے پر پہنچتے۔

مستقبل کی طرف دیکھا جائے تو جدید اے آئی سسٹمز ہمیں مجبور کر سکتے ہیں کہ ہم سیکھنے اور جینے کے انداز کو ایک ایسی دنیا کے لیے نئے سرے سے ترتیب دیں، جہاں بڑی حد تک کام کی ضرورت نہ ہو۔

آکسفورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر نک بوسٹرم، جو اپنی 2014 کی کتاب سپر انٹیلی جنس میں بے قابو اے آئی سے خبردار کر چکے ہیں، اپنی تازہ کتاب Deep Utopia: Life and Meaning in a Solved World میں اس مسئلے کا ذکر کرتے ہیں۔

اس میں وہ ایک ایسے مستقبل کا تصور کرتے ہیں جہاں اے آئی اور روبوٹس انسانی صلاحیتوں کے برابر یا ان سے بہتر کام کر سکتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں: بچوں کو محض پیداوا



SHOWBIZ

قوت



قوت



SPORTS



نائلہ کیانی نے دنیا کی تیسری بلند ترین چوٹی سر کر لی

نائلہ کیانی مانٹ ایورسٹ، کے ٹو، ناگا پربت سمیت دیگر بلند چوٹیوں پر بھی قومی پرچم لہرا چکی ہیں



کٹھمنڈو (آئی این پی) پاکستانی کوہ پیما نائلہ کیانی نے دنیا کی تیسری بلند ترین چوٹی سر کر لی۔انہوں نے نیپال میں واقع دنیا کی تیسری بلند ترین چوٹی کنچن جنگا کو سر کیا جس کی بلندی 8,650 میٹر ہے۔ پاکستانی کوہ پیما یہ کارنامہ انجام دینے والی پہلی پاکستانی خاتون بن گئی ہیں جنہوں نے آٹھ ہزار میٹر سے بلند بارہ چوٹیاں سر کی ہیں۔اس سے قبل نائلہ کیانی مانٹ ایورسٹ، کے ٹو، ناگا پربت سمیت دیگر بلند چوٹیوں پر بھی قومی پرچم لہرا چکی ہیں۔

النصر کی رونالڈو کو تقریباً 5 ارب ماہانہ، 5 فیصد حصص کی پیشکش

مبینہ طور پر سعودی کلب فٹبالر کی خدمات کیلئے انہیں مزید پیشکش کرنے کو بھی تیار ہے، رپورٹس



لزبن (این این آئی) پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کے سعودی فٹبال کلب النصر سے علیحدگی کی افواہوں کے درمیان نئے معاہدے سے متعلق خبریں سامنے آگئیں۔ہسپانوی اخبار کی رپورٹ کے مطابق سعودی کلب النصر اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کو 15.2 ملین یورو (یعنی پاکستانی روپوں میں 4 ارب 84 کروڑ سے زائد) ماہانہ کی ڈیل کی پیشکش کر رہا ہے۔رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ النصر فٹبال کلب نے رونالڈو کو 5 فیصد حصص کی پیشکش بھی کی ہے لیکن یہ معاہدہ محض ایک سال کیلئے ہوگا۔مبینہ طور پر النصر رونالڈو کی خدمات کو برقرار رکھنے کا خواہاں ہے اور دیگر اہم پیشکش کرنے کو بھی تیار ہے۔النصر نے 31 دسمبر 2022 کو کرسٹیانو رونالڈو سے 2 سالہ معاہدے پر دستخط کیے تھے، جس میں پرتگالی کھلاڑی کو سالانہ 200 ملین یورو ادا کیے گئے تھے۔

صحیح شخص ملے تو شادی میں دیر نہ کریں، اریبہ حبیب کا مشورہ

میں اور میرے شوہر دو سال تک دوست رہے اور پھر ہم نے شادی کا فیصلہ کیا، اداکارہ



لاہور (این این آئی) اداکارہ اریبہ حبیب نے نوجوان لڑکیوں کو شادی سے متعلق مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ صحیح شخص ملے تو دیر نہ کریں۔پاکستانی سپر ماڈل اور اداکارہ اریبہ حبیب شوبز انڈسٹری میں اپنی خوبصورتی اور صلاحیتوں کی بدولت پہچانی جاتی ہیں، وہ اپنی ذاتی زندگی کے بارے میں بھی کھل کر بات کرنے سے نہیں کتراتیں۔اریبہ نے ماڈلنگ سے کیریئر کا آغاز کیا اور جلد ہی اداکاری میں قدم رکھا، انہوں نے ٹاپ ٹرینڈنگ ڈراموں میں بھی کام کیا، وہ اکثر اپنے شوہر سے محبت کا اظہار سوشل میڈیا اور انٹرویوز میں کرتی ہیں۔حال ہی میں ایک انٹرویو میں انہوں نے شادی سے متعلق نوجوان لڑکیوں کو ایک اہم مشورہ دیا۔ان کا کہنا تھا کہ میں اور میرے شوہر دو سال تک دوست رہے اور پھر ہم نے شادی کا فیصلہ کیا، اب ہم 3 سال سے خوشگوار شادی شدہ زندگی گزار رہے ہیں۔اریبہ حبیب نے کہا کہ اگر کوئی مرد آپ کیلئے صحیح ہے اور وہ آپ کے خاندان کی عزت کرتا ہے تو شادی کا فیصلہ کرنے میں ہچکچاہٹ نہ کریں۔

یمنی زیدی کا نئے پروجیکٹس کے انتخاب میں الجھن کا انکشاف

میں اپنے مداحوں کی محبت اور توقعات کو کھونا نہیں چاہتی۔معروف اداکارہ



کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ یمنی زیدی نے کہا ہے کہ وہ نئے پروجیکٹس کے انتخاب میں اکثر الجھن کا شکار رہتی ہیں کیونکہ میں اپنے مداحوں کی محبت اور توقعات کو کھونا نہیں چاہتی۔معروف اداکارہ یمنی زیدی نے کہا کہ لوگ جس قدر محبت دیتے ہیں پروجیکٹ پر ہر کردار اور کہانی کو بڑے غور وفکر کے بعد چنتی ہوں تاکہ اپنے مداحوں کا اعتماد قائم رکھ سکوں۔انہوں نے کہا کہ اس وقت وہ ایک نئے پروجیکٹ پر کام کر رہی ہیں جس کی اسکرپٹ ریڈنگ جاری ہے اور وہ جلد ہی ناظرین کے سامنے ایک مختلف کردار میں نظر آئیں گی۔انہوں نے مزید کہا کہ اپنے تمام مداحوں کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ان کی کامیابی میں مداحوں کا کردار سب سے اہم ہے۔

ارشد ندیم ایشین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کیلئے جنوبی کوریا روانہ

یہ ایونٹ ارشد ندیم کی پیرس اولمپکس کے بعد پہلی بین الاقوامی مقابلہ جاتی شرکت ہوگی



لاہور (آئی این پی) پاکستان کے عالمی شہرت یافتہ جیولن تھرو ایتھلیٹ اور اولمپکس گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم ایشین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کے لیے جنوبی کوریا روانہ ہو گئے ہیں۔ ایونٹ ارشد ندیم کی پیرس اولمپکس کے بعد پہلی بین الاقوامی مقابلہ جاتی شرکت ہوگی، جس کے لیے نہ صرف پاکستانی شائقین بلکہ عالمی کھیلوں کے حلقوں کی نظریں بھی ان پر مرکوز ہیں۔ارشد ندیم جنوبی کوریا میں ہونے والی ایشین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے، جہاں وہ جیولن تھرو کے مقابلوں میں ایک بار پھر اپنی مہارت کا مظاہرہ کریں گے۔

انڈین پریمیئر لیگ، جوش ہیزل ووڈ پلے آف راؤنڈ کے لئے رائل چیلنجرز بنگلور میں دوبارہ شامل ہوں گے

بنگلورو (این این آئی) آسٹریلیا کے مایہ ناز فاسٹ باؤلر جوش ہیزل وڈ کندھے کی تکلیف سے نجات پانے کے بعد آئی پی ایل 2025 کے پلے آف راؤنڈ کے لیے رائل چیلنجرز بنگلورو کی نمائندگی کریں گے، 34 سالہ جوش ہیزل ووڈ جو آئی پی ایل کے معطل ہونے سے پہلے رائل چیلنجرز بنگلورو (آر سی بی) کا آخری میچ نہیں کھیل سکے تھے، وقفے کے دوران آسٹریلیا واپس چلے گئے تھے اور اس کے بعد سے ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل سے قبل آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیم کے ساتھ تیاریوں کے لئے برسبین میں ٹریننگ کر رہے تھے۔

ایشوریا رائے نے ایک بار پھر اپنی دلکش موجودگی سے دنیا کو مسحور کر دیا



ممبئی (این این آئی) بالوں میں سندور کی چمکتی ہوئی لکیر اور اس میں ایک پیغام کے ساتھ، بالی ووڈ کی عالمی شہرت یافتہ اداکارہ ایشوریا رائے بچن نے ایک بار پھر کانز فلم فیسٹیول میں اپنی دلکش موجودگی سے دنیا کو مسحور کر دیا۔ 2025 کے کانز میں ان کی پہلی جھلک نے فوراً میڈیا اور مداحوں کی توجہ حاصل کی، خاص طور پر ان کی مانگ میں بھرا ہوا سرخ سندور جو ان کی شادی کی علامت تھا۔ایشوریا نے اپنی پہلی کانز اپیرنس میں ایک خوبصورت آوری ساڑھی پہنی تھی جو بھارتی روایتی لباس کا بہترین نمونہ تھا۔

ہانیہ عامر پر بھارتی اداکارہ کا نفرت انگیز تبصرہ، شائقین برہم

بھارتی عوام کے سامنے اپنی موجودگی کے لیے بھیک مانگتی ہو، بھارتی اداکارہ کا الزام



کراچی / ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ سربھی داس نے پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر کے خلاف نفرت انگیز بیان دے کر ایک نیا تنازعہ کھڑا کر دیا ہے۔سربھی داس کا کہنا تھا کہ ہانیہ عامر بھارت مخالف بیانات دینے کے باوجود بھارتی عوام کے سامنے اپنی موجودگی کے لیے بھیک مانگتی ہیں، اور ان کے بھارتی آڈیئنس سے تعلقات کے بارے میں سخت تنقید کی۔سربھی داس نے انسٹاگرام پر ایک اسٹوری شیئر کرتے ہوئے کہا تم بھارتیوں سے کام کرنے کے لیے ہمیشہ اپنی پوسٹس ڈالتے ہو، اب تمہیں غم وغصہ اس لیے ہے کہ تمہارا بالی ووڈ میں کام کرنے کا خواب ٹوٹ چکا ہے۔

جھانوی کپور کا پلاسٹک بیوٹی کا الزام لگانیوالوں کو کرارا جواب



ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ اداکارہ جھانوی کپور کے انداز اور شکل و صورت اکثر سوشل میڈیا پر زیر بحث رہتے ہیں، جہاں کئی لوگ ان کی مبینہ پلاسٹک سرجری پر قیاس آرائیاں کرتے ہیں۔لیکن اب جھانوی نے ان تبصروں پر خاموشی توڑتے ہوئے نہایت دوٹوک اور بے باک انداز میں جواب دیا ہے۔ ایک وائرل ویڈیو میں وہ ہنستے ہوئے کہتی ہیں کہ میں جادوئی لگ رہی ہوں، میں سانس روک دینے جیسی خوبصورت لگ رہی ہوں، مجھ سے کھانے کا انتظار نہیں ہو رہا۔

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں اتوار کو مزید 10 میچ کھیلے جائینگے

دوسرا میچ فاہم اور دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیموں کے درمیان لندن کے مقام پر کھیلا جائیگا

لندن (این این آئی) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں 25 مئی بروز اتوار کو مزید 10 میچوں کا فیصلہ ہوگا۔تفصیلات کے مطابق پہلا میچ بورن ماؤتھ اور لیسٹر سٹی کی ٹیموں کے درمیان وٹالٹی سٹیڈیم، بورن ماؤتھ کے مقام پر کھیلا جائے گا، دوسرا میچ فلہم اور دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیموں کے درمیان کریون کاٹیج، لندن کے مقام پر کھیلا جائے گا، تیسرے میچ میں ایپسوچ ٹاؤن اور ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی اور یہ میچ پورٹ مین روڈ، ایپسوچ میں کھیلا جائے گا۔چوتھا میچ میزبان لیورپول اور کرسٹل پیلس کی ٹیموں کے درمیان انفیلڈ لیورپول میں کھیلا جائے گا، پانچواں میچ مانچسٹر یونائیٹڈ اور آسٹن ولا کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا اور یہ میچ اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر کے مقام پر کھیلا جائے گا، چھٹے میچ میں نیوکیسل یونائیٹڈ اور ایورٹن کی ٹیمیں سینٹ جیمز پارک، نیوکیسل اپون ٹائن کے مقام پر پنجہ آزمائی کریں گی۔ ساتویں میچ میں ناٹنگھم فارسٹ اور چیلسی کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی اور یہ میچ سٹی گراؤنڈ ناٹنگھم میں کھیلا جائے گا۔آٹھواں میچ ساؤتھمپٹن اور آرسنل کی ٹیموں کے درمیان سینٹ میری سٹیڈیم، ساؤتھمپٹن میں کھیلا جائے گا۔نواں میچ ٹوٹنہم ہاٹ پور اور برائٹن اینڈ ہوو البیون کی ٹیمیں ٹوٹنہم ہاٹ پور سٹیڈیم، لندن کے مقام پر نبرد آزما ہوں گی

جو روٹ نے ٹیسٹ کرکٹ میں نیا ریکارڈ بنا دیا

جو روٹ ٹیسٹ کرکٹ میں تیز ترین 13 ہزار رنز بنانے والے بیٹر بھی بن گئے ہیں



لندن (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے بیٹر جو روٹ نے ٹیسٹ کرکٹ میں اپنے ملک کیلئے اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے نیا ریکارڈ قائم کر دیا۔گزشتہ روز زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ میچ کے پہلے دن جو روٹ نے اپنا انفرادی طور پر 28 واں رن مکمل کر کے ٹیسٹ کرکٹ میں 13 ہزار رنز کا سنگ میل عبور کیا۔اس طرح وہ ٹیسٹ کرکٹ میں 13 ہزار رنز مکمل کرنے والے انگلینڈ کے پہلے اور دنیا کے پانچویں بیٹر بن گئے۔ جو روٹ ٹیسٹ کرکٹ میں تیز ترین 13 ہزار رنز بنانے والے بیٹر بھی بن گئے ہیں، انہوں نے 153 ویں ٹیسٹ میچ میں یہ کارنامہ سرانجام دیا۔

نادیہ خان کا ایئر وائس مارشل اورنگزیب سے خاندانی تعلق کا انکشاف

ایئر وائس مارشل اورنگزیب میری شوہر فیصل راؤ کے بھائیوں جیسے قریبی دوست اور ساتھی فائٹر پائلٹ ہیں



کراچی (این این آئی) معروف اداکارہ اور میزبان نادیہ خان نے ایئر وائس مارشل اورنگزیب احمد سے اپنے خاندانی تعلق کا انکشاف کر دیا۔حال ہی میں پاکستان ایئر فورس کے ایئر وائس مارشل (اے سی ایم) اورنگزیب احمد، جو آپریشن بنیان مرصوص کی کامیاب قیادت کے بعد خبروں کی زینت بنے، اب ایک اور وجہ سے سوشل میڈیا پر زیر بحث ہیں اور وہ ہے نادیہ خان کا ان کے رشتہ دار ہونے کا دعویٰ۔نادیہ خان نے نجی ٹی وی پر اپنے مارننگ شو میں انکشاف کیا کہ ایئر وائس مارشل اورنگزیب ان کے شوہر فیصل راؤ کے بھائیوں جیسے قریبی دوست اور ساتھی فائٹر پائلٹ ہیں۔نادیہ نے ایک پرانی تصویر بھی دکھائی جس میں فیصل را اور اورنگزیب 1989 میں کسی تفریحی مقام پر دیگر دوستوں کے ہمراہ ساتھ کھڑے ہیں۔

ہمایوں سعید نے اپنی آنے والی فلم ''لوگرو'' کے بجٹ سے پردہ ہٹا دیا

فلم میں ماہرہ خان اور ہمایوں سعید مرکزی کرداروں میں جلوہ گر ہوں گے



کراچی (این این آئی) پاکستانی فلم انڈسٹری کے معروف اداکار اور پروڈیوسر ہمایوں سعید نے اپنی آنے والی فلم لوگرو کے بجٹ سے پردہ ہٹا دیا۔عید الاضحیٰ 2025 پر ریلیز ہونے والی اس رومانٹک کامیڈی فلم کو ندیم بیگ نے ڈائریکٹ کیا ہے جبکہ اسکرپٹ واسع چوہدری نے لکھا ہے، فلم میں ماہرہ خان اور ہمایوں سعید مرکزی کرداروں میں جلوہ گر ہوں گے۔فلم کی کہانی ایک خود ساختہ لوگرو اور لندن میں مقیم ایک آرکیٹیکٹ صوفیہ کے گرد گھومتی ہے، اس فلم کی شوٹنگ لندن اور کراچی میں کی گئی ہے۔ہمایوں سعید اس وقت ماہرہ خان کے ساتھ امریکا میں فلم کی پروموشن میں مصروف ہیں جہاں ان سے ایک سوال میں جب فلم کے بجٹ کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ بجٹ اتنا بڑا نہیں، ہم نے اس فلم پر 28 کروڑ روپے خرچ کیے ہیں

آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل کیلئے میچ آفیشلز کا اعلان

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل کیلئے میچ آفیشلز کا اعلان کر دیا۔آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں کرس گیفنی اور رچرڈ الین گورتھ آن فیلڈ امپائرز ہوں گے جب کہ انگلینڈ کے رچرڈ کیٹل بورو ٹی وی اور تھیون مینن فورتھ امپائر کے فرائض سرانجام دیں گے۔ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں بھارت کے جواگل سری ناتھ میچ ریفری ہوں گے۔واضح رہے کہ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل آسٹریلیا اور جنوبی افریقا کے درمیان 11 جون سے لارڈز میں کھیلا جائیگا۔

بھارتی ویمن کرکٹر کی دوست گھر سے لاکھوں روپے لے اُڑی

خاتون کرکٹر کے فلیٹ سے قریبی دوست نے رقم چرائی، واقعہ سی سی ٹی وی میں ریکارڈ ہو گیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی ویمن کرکٹر اور یو پی پولیس کی ڈی ایس پی دیپتی شرما کی قریبی دوست نے لاکھوں کا چونا لگا دیا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت کی خاتون کرکٹر کے فلیٹ سے قریبی دوست نے 25 لاکھ کی بڑی رقم چرائی، جو سی سی ٹی وی میں ریکارڈ ہو گیا۔رپورٹس میں کہا گیا کہ آروشی اپنی دوست دیپتی شرما کے فلیٹ پر پہنچی اور وہاں سے زیورات، نقدی اور غیر ملکی کرنسی چرالی، جس کی شکایت کرکٹر کے بھائی نے پولیس کو کروائی۔ دیپتی کے بھائی سمیت شرما نے پولیس کو بتایا کہ اس کی بہن کھرائی کے قریب فلیٹ ہے اور دہلی کی رہنے والی آروشی گوئل سے قریبی دوستی ہے، جو ان کے ساتھ جونیئر ٹیم میں کھیل چکی ہیں۔آروشی فی الحال آگرہ کینٹ ریلوے اسٹیشن پر جونیئر کلرک کے طور پر تعینات ہے، ان کی دوستی کے باعث آروشی، اس کی ماں اور والد نے تقریباً 25 لاکھ روپے لیے تھے لیکن جب بھی بہن دیپتی شرما پیسوں کا مطالبہ کرتی تو آروشی بہانہ بنا دیتی تھی،

پاکستان رواں سال سات انٹرنیشنل والی ایونٹس میں شرکت کریگا، چوہدری محمد یعقوب

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان والی بال فیڈریشن چوہدری محمد یعقوب نے کہا ہے کہ پاکستان رواں سال سات انٹرنیشنل والی ایونٹس میں شرکت کرے گا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ روس کی والی بال ٹیم 23 سے 27 جون تک پاکستان کا دورہ کرے گی، محدود وسائل کے باوجود ٹیموں انٹرنیشنل ایونٹس میں بھجوا رہے ہیں، عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرنے کیلئے حکومتی سپورٹ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی سینئر ٹیم 29 م?ی سے ازبکستان میں سینٹرل ایشین والی بال لیگ میں حصہ لے گی

مومنہ اقبال خوبصورت تحفہ دیکھ کر خوشی سے نہال



کراچی (آئی این پی) اداکارہ مومنہ اقبال موصول ہونے والا ایک خوبصورت تحفہ دیکھ کر خوشی سے نہال ہو گئیں۔مومنہ اقبال نے انسٹاگرام پر اپنی زندگی کا ایک اسپیشل مومنٹ شیئر کیا جس میں وہ ایک ایسا تحفہ موصول کرتی دکھ رہی ہیں جس کو دیکھ کر انکی آنکھوں میں چمک آ گئی۔شیئر کی گئی پوسٹ میں چند تصاویر اور ویڈیوز شامل ہیں

علیزے شاہ نے پلاسٹک سرجری کی افواہوں کی تردید کر دی

خدارا! میں نے کوئی کاسمیٹک سرجری نہیں کروائی، بس میرا وزن کم ہوا ہے، اداکارہ



کراچی (این این آئی) علیزے شاہ سوشل میڈیا پر پلاسٹک سرجری سے متعلق افواہوں کی وجہ سے خبروں کی زینت بنی ہوئی ہیں۔علیزے نے حال ہی میں ڈرامہ عشق بے پرواہ میں اپنی اداکاری سے ناظرین کی توجہ حاصل کی تاہم ان کے چہرے اور جسامت میں تبدیلی نے پلاسٹک سرجری کی افواہ کو بھڑکا دیا۔حال ہی میں معروف اداکارہ صبا فیصل نے ایک ٹی وی شو میں علیزے شاہ کی ظاہری شخصیت پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ بیس فیصد قدرتی ہیں،

مجھے نہیں لگتا فیملی ولاگنگ میں کوئی برائی ہے، صبا فیصل



کراچی (آئی این پی) معروف اداکارہ صبا فیصل نے فیملی وی لاگرز کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اگر لوگ انہیں دیکھنا چاہتے ہیں تو ہمیں تنقید کرنے کا حق نہیں ہے۔

ایک انٹرویو کے دوران اداکارہ صبا فیصل نے کہا کہ ہر کسی کا کام ہے، ہر کسی کی مرضی ہے، اگر کوئی اپنی نجی زندگی کو دکھانا نہیں چاہتا تب بھی اس کی مرضی ہے



NATIONAL/INTERNATIONAL

نیشنل/انٹرنیشنل

حماس کے خلاف فوجی کارروائیاں جاری رہیں گی، اسرائیلی وزیراعظم

آپ لوگ انسانیت کی دوسری جانب کھڑے ہیں، نیتن یاہو کا ماکروں، اسٹامر اور کارنی سے خطاب

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے فرانسیسی صدر عمانوئل ماکروں، برطانوی وزیر اعظم کیئر اسٹامر اور کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی کو یہ پیغام دیا ہے کہ آپ انصاف اور انسانیت کی غلط جانب کھڑے ہیں۔عرب ٹی وی کے مطابق یہ بیان ان تینوں ممالک کی جانب سے غزہ میں اسرائیلی حکومت کے قابلِ مذمت افعال کی مذمت کے بعد سامنے آیا ہے۔نیتن یاہو نے وڈیو بیان میں کہا میں صدر ماکروں، وزیرِ اعظم کارنی، اور وزیرِ اعظم اسٹامر سے کہتا ہوں کہ جب قاتل اور اغوا کار آپ کا شکریہ ادا کریں، تو آپ انصاف کی غلط جانب کھڑے ہوتے ہیں۔ آپ انسانیت کی غلط جانب کھڑے ہوتے ہیں۔ اور آپ تاریخ کی غلط طرف کھڑے ہوتے ہیں۔انھوں نے کہا یورپی رہنما حماس کے پروپیگنڈے سے دھوکہ کھا گئے ہیں۔نیتن یاہو نے واضح کیا کہ فلسطینی تحریک حماس کے خلاف اسرائیل کی فوجی کارروائیاں جاری رہیں گی۔انھوں نے مزید کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ اسرائیل ہتھیار ڈال دے، حماس کو باقی رہنے دے تاکہ وہ دوبارہ منظم ہو، اور 7 اکتوبر کے قتلِ عام کو بار بار دہرایا جائے۔ اسرائیلی وزیر اعظم کے مطابق یہ رہنما حماس کو ہمیشہ کے لیے لڑائی جاری رکھنے کی ترغیب دے رہے ہیں۔اسی طرح نیتن یاہو نے کہا کہ بین الاقوامی اداروں کی جانب سے غزہ میں قحط سے متعلق دی جانے والی رپورٹیں جھوٹی ہیں۔انھوں نے یہ اشارہ دیا کہ اسرائیل جنوبی غزہ میں بڑے پیمانے پر محفوظ علاقے قائم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جہاں آبادی کو منتقل کیا جائے گا۔

یمن، حوثیوں کے خفیہ اسلحہ گودام میں دھماکا، 19 افراد ہلاک

صنعا (این این آئی) یمن کے دارالحکومت صنعا کے شمال مشرق میں واقع بنی حشیش کی علاقے صرف میں حوثیوں کے ایک اسلحہ گودام میں زوردار دھماکہ ہوا۔یہ عرب ٹی وی کے مطابق ذرائع نے اس امر کی تصدیق کی کہ یہ دھماکہ کسی فرد کے فعل کا نتیجہ تھا، کیوں کہ گودام کے مقام پر کوئی فضائی حملہ نہیں کیا گیا تھا۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ یہ گودام زیرِ زمین اور خفیہ نوعیت کا تھا۔گودام میں دو گھنٹوں تک دھماکوں کا سلسلہ جاری رہا۔اس دوران گولہ بارود اردگرد کے علاقوں میں بکھر گیا، جس سے قریبی عمارتوں، دکانوں اور رہائشی گھروں کو شدید نقصان پہنچا۔

سفیر فیصل نیاز ترمذی، متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے ایلچی اور قونصل جنرل حسین محمد پاکستان ایسوسی ایشن دبئی میں انسانی ہاتھوں کے نشانات کا استعمال کرتے ہوئے بنائے گئے نئے گنیز ورلڈ ریکارڈ کے سب سے بڑے متحدہ عرب امارات کے پرچم کے سامنے کھڑے ہیں

تہران: لوگ ڈان ودی یو ایس اے کے نعرے اور جھنڈے پر ستاروں کی جگہ کھوپڑیوں کے ساتھ امریکہ مخالف دیوار کے قریب سے گزر رہے ہیں) اے ایف پی(

آپریشن بنیان مرصوص میں ذلت آمیز شکست، کانگریس رہنما نے بھارتی ناکامی کا بھانڈا پھوڑ دیا

مودی سرکار کی جنگی حکمت عملی مکمل ناکام اور پاکستانی ڈرونز کے سامنے بھارتی دفاع بیپس ثابت ہو گیا، وجے واڈیٹیوار

نئی دہلی (این این آئی) معرکہ حق بنیان مرصوص میں بھارت کی تاریخی شکست پر کانگریس رہنما نے عبرتناک انجام کا اعتراف کرتے ہوئے مودی سرکار کی پالیسیوں کا بھانڈا پھوڑ دیا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق پاک فوج کے آپریشن بنیان مرصوص میں بھارتی افواج کی تاریخی شکست کے بعد وہاں کی سیاست میں بھی بھونچال آ چکا ہے۔ بھارت کی ذلت آمیز شکست پر کانگریس ایم ایل اے وجے واڈیٹیوار نے مودی اور بھارتی فوج پر تابڑ توڑ حملے کیے ہیں۔کانگریس کے ایم ایل اے وجے واڈیٹیوار نے مہنگی دفاعی خریداری اور بوسیدہ حکمت عملی کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے مودی سرکار پر زوردار وار کیا ہے اور انہوں نے مودی کی جنگی سوچ کو ناکام قرار دے دیا۔ کانگریس ایم ایل اے کا کہنا تھا کہ پاکستان نے سستے ڈرونز بھارت بھیجے، بھارت نے اربوں جھونک دیے۔ چین نے پاکستان کو 5 ہزار ڈرونز دے کر بھارت کی کمزوری بے نقاب کر دی جب کہ مودی سرکار اربوں جھونکتی رہی۔انہوں نے کہا کہ مودی سرکار نے 15 ہزار کے ڈرون گرانے کے لیے 15 لاکھ کا میزائل فائر کیا۔مودی سرکار کی جنگی حکمت عملی مکمل طور پر ناکام اور 5 ہزار سستے پاکستانی ڈرونز

جنوب مغربی چین میں خوفناک لینڈ سلائیڈ: 4 افراد ہلاک، 17 پھنس گئے

بیجنگ (این این آئی) چین کے جنوب مغربی صوبے گوئژو میں شدید لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں کم از کم 4 افراد ہلاک ہو گئے ہیں جبکہ 17 افراد ملبے تلے پھنسے ہوئے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ واقعہ دافنگ کاؤنٹی میں پیش آیا، جہاں پہاڑی علاقہ ہونے کی وجہ سے ریسکیو ٹیموں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔دافنگ کاؤنٹی کے دو مختلف علاقوں چانگشی اور گووا میں دو الگ الگ لینڈ سلائیڈز ہوئیں، ایک رات 3 بجے اور دوسری صبح 9 بجے۔ان واقعات میں بالترتیب دو اور انیس افراد ملبے تلے دب گئے۔چینی نشریاتی ادارے سی سی ٹی وی کی فضائی ویڈیو میں دکھایا گیا کہ کیچڑ نے پورے گاں کو ڈھانپ لیا ہے، کھیت مٹی میں دفن ہو گئے ہیں اور پانی پہاڑ کے دامن میں جمع ہو گیا ہے۔حکومت نے اس قدرتی آفت کے بعد جغرافیائی ہنگامی حالات کے لیے لیول III ایمرجنسی الرٹ جاری کر دیا ہے، جبکہ وزارت قدرتی وسائل نے ریسکیو آپریشن میں مدد کے لیے ایک ماہر ٹیم روانہ کر دی ہے۔ تاہم وزارت ایمرجنسی مینجمنٹ نے کہا ہے کہ پہاڑی علاقہ بلند اور دشوار گزار ہے جس کی وجہ سے امدادی کارروائیاں مشکل ہو رہی ہیں۔

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی خضدار میں اسکول بس پر حملے کی شدید مذمت

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے بلوچستان کے علاقے خضدار میں اسکول بس پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حملے میں ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سلامتی کونسل کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق یہ حملہ بزدلانہ اور سنگدل تھا، جس میں 6 افراد شہید ہوئے، جن میں 4 طلبہ شامل تھے، جب کہ 53 افراد زخمی ہوئے، جن میں زیادہ تر اسکول کے بچے تھے۔کونسل نے پاکستان کے عوام، حکومت اور متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی خواہش ظاہر کی۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ہر قسم کی دہشت گردی عالمی امن وسلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہے، اور ایسے حملوں میں ملوث افراد، ان کے سہولت کاروں، منصوبہ سازوں اور مالی مدد دینے والوں کو قانون کے مطابق انصاف کے کٹہرے میں لایا جانا چاہیے۔سلامتی کونسل نے تمام ممالک سے مطالبہ کیا کہ وہ بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے تحت پاکستان سے مکمل تعاون کریں۔ بیان میں واضح کیا گیا کہ دہشت گردی کا کوئی بھی عمل کسی بھی صورت میں قابلِ قبول یا قابلِ جواز نہیں ہو سکتا۔

مودی کا جنگی جنون، پہلگام حملے کی آڑ میں روہنگیا مسلمانوں پر دہشتگردی کا الزام

بھارت آئندہ انتخابات سے قبل انتہا پسند حلقوں کو خوش کرنے کی کوشش میں مسلمانوں کو نشانہ بنا رہا ہے، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) مودی سرکار کا جنگی جنون ذلت آمیز شکست کے بعد بھی تھم نہیں رہا، بھارت نے پہلگام حملے کی آڑ میں اب روہنگیا مسلمانوں پر دہشت گردی کے الزامات عائد کرنا شروع کر دیئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت میں روہنگیا مسلمانوں کے خلاف کریک ڈاؤن نے ایک بار پھر مودی سرکار کی مسلم دشمن پالیسیوں کو بے نقاب کر دیا۔ پہلگام حملے میں پاکستان کے ملوث ہونے کو ثابت کرنے میں ناکامی کے بعد بھارتی حکومت نے اب رخ روہنگیا مسلم پناہ گزینوں کی جانب موڑ لیا۔مودی سرکار نے پہلگام واقعے کو جواز بنا کر روہنگیا مسلمانوں پر دہشت گردی کے الزامات عائد کرنے شروع کر دیئے، حالانکہ یہ افراد پہلے سے رجسٹرڈ اور اقوام متحدہ کی جانب سے تسلیم شدہ پناہ گزین ہیں، مگر ان کی بے گناہی کے باوجود انہیں ہراساں کیا جا رہا ہے، جو بھارت کے اندر انسانی حقوق کی صورت حال پر سنگین سوالات اٹھاتا ہے۔ ذرائع کے مطابق مودی حکومت نے روہنگیا پناہ گزینوں کی گرفتاریاں شروع کر دی ہیں اور متعدد افراد کو غیر قانونی طور پر ملک بدر کرنے کے احکامات بھی جاری کیے گئے ہیں۔ یہ اقدام بین الاقوامی انسانی حقوق کے قوانین کی کھلی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے

اسرائیلی بم باری جاری، 24 گھنٹوں میں 90 فلسطینی جاں بحق

رہائشی

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

موک ایکسرسائز کا مقصد ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار رہنا ہے: سٹی پولیس آفیسر گوجرانوالہ محمد ایاز سلیم

سٹی پولیس آفیسر گوجرانوالہ محمد ایاز سلیم کے احکامات کی روشنی میں گوجرانوالہ پولیس کی جانب سے کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تعلیمی اداروں میں موک ایکسرسائز کا انعقاد کیا جارہا ہے



گوجرانولہ (نوید بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر گوجرانوالہ محمد ایاز سلیم کے احکامات کی روشنی میں گوجرانوالہ پولیس کی جانب سے تعلیمی اداروں میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور طلبہ واساتذہ کو آگاہی فراہم کرنے کے لیے موک ایکسرسائز کا سلسلہ جاری ہے۔ان مشقوں کا مقصد کسی بھی ناگہانی یا دہشت گردی کی صورتحال میں فوری اور مؤثر ردعمل کو یقینی بنانا ہے۔موک ایکسرسائز میں ضلع پولیس، Rescue1122، اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران واہلکاروں نے بھرپور شرکت کی۔ اس دوران ایک فرضی ہنگامی صورتحال تخلیق کی گئی، جس میں پولیس اور Rescue ٹیموں نے فوری رسپانس دیتے ہوئے مشترکہ آپریشن کا مظاہرہ کیا۔اس عمل میں طلبہ اور اسکول انتظامیہ کو بھی شامل کیا گیا تاکہ عملی مشق کے ذریعے انہیں ہنگامی حالات میں درست ردعمل کا طریقہ سکھایا جاسکے۔سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے اس اقدام کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات کے پیش نظر تمام اداروں کا ایک صفحے پر ہونا اور ایسے اقدامات کا تسلسل انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے اور ہنگامی صورتحال میں جان بچانے والی مہارتوں کو بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔گوجرانوالہ پولیس کا یہ اقدام عوامی تحفظ اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کے لیے ایک مثبت قدم ہے، جو آئندہ بھی تسلسل سے جاری رکھا جائے گا۔

چوہدری محمد اکرام کی وفات پر انکی فیملی سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔محمد ابراہیم

مرحوم انسان دوست ومنکسر المزاج شخصیت تھے۔سابق ایگزیکٹو ممبر سیالکوٹ چیمبر



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد اکرام سابق ایگزیکٹو ممبر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی وفات پر دلی دکھ وافسوس کا اظہار کرتے ہیں۔مرحوم انسان دوست و قابل شخصیت اور میرے بہترین رفیق تھے۔اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ ان کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے اور انکے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ان باتوں کا اظہار سابق ایگزیکٹو ممبر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ محمد ابراہیم آف گلوریئس انڈسٹری نے اپنے تعزیتی بیان میں کیا۔انہوں نے کہا کہ چوہدری محمد اکرام کی عملی زندگی جدوجہد میں گزری وہ قابل بزنس مین و ایگزیکٹو ممبر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس ہو یا پھر سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد اکرام نے بہترین انداز میں وقت گزارا۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان کلمہ طیبہ کے نام پر قائم ہوا: حاجی باؤ محمد طارق چوہدری

یہ وقت مظلوم فلسطینی عوام اور مقبوضہ کشمیر کے حریت پسندوں کا کھل کر ساتھ دینے کا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران سبزی و فروٹ منڈی کے چیئرمین حاجی باؤ محمد طارق چوہدری نے کہا ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کلمہ طیبہ کے نام پر قائم ہوا جس کے باسی اپنے مظلوم مسلمان بھائیوں کے ہمیشہ ساتھ کھڑے رہے ہیں اور اب بھی فلسطین اور مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ ہیں انہیں بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے یہ وقت مظلوم فلسطینی عوام اور مقبوضہ کشمیر کے حریت پسندوں کا کھل کر ساتھ دینے کا ہے اسرائیلی اور بھارتی مظالم کی صرف مذمت سے دونوں خطوں کے مظلوم مسلمانوں کو جارحیت سے چھٹکارا نہیں ملے گا بلکہ اسرائیل اور بھارت کو اسی کی زبان میں جواب دینا ہوگا جس طرح پاک فوج نے بھارتی جنگی جنون خاک میں ملایا اسی طرح مسلم ممالک کو ملکر اسرائیل اور بھارت کو عسکری محاذ پر منہ توڑ جواب دینا ہوگا، اسرائیلی فوج کی طرف سے فلسطینی کیمپوں اور امدادی گاڑیوں پر بھی مسلسل حملے جاری ہیں اسرائیلی جارحیت پوری دنیا کے سامنے ہے مگر نام نہاد مہذب ممالک اسرائیل کو ان جرائم سے روکنے کی بجائے صرف مذمتی بیانات جاری کررہے ہیں ہمیں مظلوم مسلمانوں کے حق میں ہر صورت آواز بلند کرنا ہوگی تاکہ ان پر جاری جبر بند ہوسکے غزہ میں ہزاروں لوگوں کی جانیں ضائع ہو چکی ہیں اور اسرائیلی جارحیت کے نتیجہ میں یہ انسانی المیہ روز بروز بڑھ رہا ہے ہم فلسطینی عوام پر اسرائیلی بربریت کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور اقوام عالم پر زور دیتے ہیں وہ اس سلسلہ میں اپنا کردار ادا کرے۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا 5 روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کردیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال سٹی میں 5 روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا 5 روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کردیا، ضلع بھر میں 5 سال تک کے 6 لاکھ 52 ہزار 2 سو 55 بچوں کی ویکسینیشن کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، اس موقع پر ڈی ای او ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ، ہسپتال انتظامیہ، محکمہ ہیلتھ کے افسران سمیت دیگر سٹاف بھی موجود تھا، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، پاکستان کے ویکسینیشن کیلنڈر کے تحت بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے لیے 15 ٹیکے لگائے جاتے ہیں، پولیو کی بیماری سے بچاؤ کے لیے بچوں کو پولیو ویکسین کے 2771 ٹیکے لگائے جاتے ہیں، انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کے لیے متحرک انداز میں کام کریں، قومی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے محنت اور دیانتداری سے کام کیا جائے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ سخت موسم کے پیش نظر انسداد پولیو مہم کے دوران ہر بچے کو پولیو ویکسین کے قطرے ضرور پلوائیں، والدین اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کے لیے پولیو ویکسین کے قطرے ضرور پلوائیں۔

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو شاہین میڈیا کی جانب سے مبارکباد دیتے ہیں: آصف خان

مسلح افواج نے بحیثیت پاکستانی ہمارا سر فخر سے بلند کردیا۔خواجہ عامر جاوید



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر و افواج پاکستان کو سپہ سالار کا عظیم اور قابل مرتبت رتبہ بہت بہت مبارک ہو وزیراعظم پاکستان وصدر اور کابینہ کے بہترین فیصلے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ۔ ان باتوں کا اظہار چیئرمین شاہین میڈیا محمد اسلم نوشاہی، آصف خان، شبیر سلطان ،عدیل خان، خواجہ عامر جاوید سمیت شاہین میڈیا گروپ کے تمام صحافیوں نے سپہ سالار عظیم افواج پاکستان کو فیلڈ مارشل کا عہدہ ملنے پر منعقدہ سادہ مگر پروقار ظہرانہ تقریب میں کیا۔اس موقع پر مقررین نے مختصر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے نزدیک یہ عہدہ نہیں ایک اعزاز ہے جو پاکستانی قوم کے بہادر بیٹے آپکو اللہ رب العزت کی جانب سے برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کی دلیرانہ ترجمانی کرتے ایکو عطا ہوئی ہے۔عظیم عہدہ ملنے کے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر آپ کہ کسر نفسی کہ آپ بحیثیت قوم ہمارا شکریہ ادا کررہے ہیں۔شکر گزار تو ہم ہیں آپکے کہ ہم پاکستانیوں کے ازلی دشمن کے سامنے ہمیں شرمندہ نہیں ہونے دیا بھارتی جارحیت تو آپ سے پہلے بھی ہوئی تھی مگر نہ ایسا دلیر سپہ سالار نہ ہی ایسا محب وطن وزیراعظم تھا شرمندہ کرادیا اس کے خوف نے جب پاکستان پر میزائل حملے کی غرض سے آنیوالے ابھی تن کو پکڑ کر اسوقت کے ڈرپوک و بزدل وزیراعظم نے بھارت کو واپس کر کے ہم پاکستانیوں کو شرمسار کردیا۔ایک بار پھر بہادر فوج نے آپکی قیادت میں ہمارا سر فخر سے بلند کردیا ہے۔ حکومت وقت کو سراہا جانا بھی ضروری ہے کہ آپ کی صلاحیت اور مقام کو تسلیم کیا۔پاکستان کی تاریخ کے دوسرے فیلڈ مارشل آپکی قدردانی حکومت اور قوم کی جانب سے حق ہے

پاکستان شریعت کونسل کے امیر مولانا زاہد الراشدی کی صدارت میں کونسل کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

وزیرآباد (نامہ نگار) پاکستان شریعت کونسل کے امیر مولانا زاہد الراشدی کی صدارت میں کونسل کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالرؤف محمدی، سیکرٹری اطلاعات پروفیسر حافظ منیر احمد مری کے امیر مولانا قاسم عباسی، سینئر رکن حافظ شاہد میر، مفتی زعفران عباسی، حافظ حمزہ ہارون، حافظ محمد قاسم اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔اجلاس میں ملکی دفاع و سالمیت کے تحفظ کے لیے پاک فوج کے اقدامات کو سراہا گیا اور اس حوالے سے عسکری و سیاسی قیادت کے قومی موقف کی مکمل تائید کی گئی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا زاہد الراشدی نے کہا کہ ملک بھر کے دینی طبقات وطن سے والہانہ محبت رکھتے ہیں اور ملک دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے لیے ہر سطح پر ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔مولانا زاہد الراشدی نے خضدار بلوچستان میں معصوم بچوں کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے اسے انسانیت سوز سانحہ قرار دیا اور بھارت کی جانب سے دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائیوں کی شدید مذمت کی اور کہا کہ سیکورٹی اداروں کو مکار دشمن کی خفیہ کارروائیوں کو ناکام بنانے کے لئے چوکنا رہنے کی ضرورت ہے، انہوں نے وزیرستان میں ڈرون حملے میں معصوم بچوں کی شہادت کو بھی المیہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ معصوم لوگوں کی جانوں سے کھیلنے والے بھارتی ایجنٹ اور دہشت گردکسی رعایت کے مستحق نہیں لیکن ان کے خلاف کارروائیوں کے دوران اپنے ہی شہریوں اور معصوم بچوں کو ڈرون حملوں کا نشانہ بنانا دشمن کے ایجنڈے کو تقویت دینے کے مترادف ہے، جس سے اجتناب اور تدبر کی ضرورت ہے۔اجلاس میں مشرق وسطیٰ کی حالیہ کشیدہ صورتحال پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا گیا اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ دورہ عرب کے موقع پر بعض عرب حکمرانوں کے طرز عمل کو افسوسناک قرار دیا گیا اور کہا گیا کہ امریکی صدر کی خوشنودی کے لیے اسلامی وتہذیبی اقدار کو جس انداز میں پامال کیا گیا اس نے پوری ملت اسلامیہ کے سر شرم سے جھکا دیئے ہیں، قائدین نے مطالبہ کیا کہ عرب دنیا بالخصوص او آئی سی مسئلہ فلسطین پر روایتی بیانات سے آگے بڑھ کر ایک متحرک، مؤثر اور جرات مندانہ کردار ادا کرے تاکہ مظلوم فلسطینی عوام کی عملی مدد ممکن ہوسکے۔

ایڈیشنل ایس پی ملک ظفر عباس کی ریٹائرمنٹ پر جھنگ پولیس کی جانب سے پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ایس پی ملک ظفر عباس پولیس سروس سے ریٹائر ہوگئے۔ان کی طویل اور قابل تقلید پیشہ ورانہ خدمات کے اعتراف میں جھنگ پولیس کی جانب سے ایک پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔تقریب میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی، ایس پی انوسٹی گیشن ملک عابد ظفر، ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز اور انچارج برانچز سمیت دیگر پولیس افسران نے شرکت کی۔اس موقع پر ڈی پی او جھنگ نے ملک ظفر عباس کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں اعزازی شیلڈ، پھولوں کا گلدستہ اور تحائف پیش کئے۔انہوں نے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک ظفر عباس کی دیانت داری، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ مہارت ہمیشہ جھنگ پولیس کے لیے ایک مثال رہے گی۔تقریب میں ساتھی پولیس افسران نے ایڈیشنل ایس پی کے ساتھ اپنے یادگار لمحات کو تازہ کرتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ عمر طیب کی زیر صدارت عیدالاضحیٰ کے سلسلہ میں مویشی منڈیوں کے قیام کے لیے اجلاس کا انعقاد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ عمر طیب کی زیر صدارت عیدالاضحیٰ کے سلسلہ میں مویشی منڈیوں کے قیام کے لیے اجلاس کا انعقاد، اس موقع پر تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنر، میجسٹریٹ، ٹی ایم اوز کے نمائندوں سمیت متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی، اجلاس کو ضلع بھر میں مویشی منڈیوں کے قیام کے سلسلہ میں کیے جانے والے اقدامات بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ 26 مئی تک ضلع بھر کے مجوزہ پوائنٹس پر مویشی منڈیوں کے قیام کو یقینی بنایا جائے، انہوں نے کہا کہ سنت ابراہیمی کی ادائیگی کے لیے عوام الناس کو سہولیات سے آراستہ مویشی منڈیوں کے قیام کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل کی جائیں اور ان مویشی منڈیوں میں قربانی کے جانوروں اور بیوپاریوں کے ساتھ ساتھ خریداروں کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام اقدامات کو حتمی شکل دی جائے۔

قدیمی مجلس عزا یوم بقائے اسلام 18 جیٹھ 31 مئی کو گڈگور سیالکوٹ میں منعقد ہوگی

نقابت کے فرائض معروف صحافی ثمر علی جعفری اور محمد افضل علامہ سرانجام دیں گے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) یوم بقائے اسلام کے عنوان سے 73 ویں سالانہ قدیمی مجلس عزا بسلسلہ شہادت سرکار امام حسین علیہ السلام 18 جیٹھ 31 مئی کو زیر انتظام پسران مخدوم ڈاکٹر طالب حسین ہاشمی الجعفری امام بارگاہ صاحب الزماں گڈگور شریف سیالکوٹ میں منعقد ہوگی جس میں علامہ فرحان حیدر عابدی آف کراچی، ذاکر مخدوم فیصل عباس ہاشمی آف جھنگ، علامہ اعجاز حسین نقوی آف لاہور، ذاکر قاسم رضا ترابی لاہور، ذاکر واجد علی واجد ظفروال، شاعر حسنیت عرفان ساحل گوجرانوالہ، منقبت خواں سید مبشر ریاض شاہ اوکاڑہ، سماجی ومذہبی رہنما صاحبزادہ ضیاء الحسن ہاشمی، علامہ اشرف حسین شاہ، مولانا اظہار الحسن علوی، نوجوان مقرر کاشر عباس ودیگر علماء اکرام و ذاکرین عظام خطاب فرمائیں گے۔تلاوت قرآن پاک قاری سید عالی حسن اور حاجی محمد آصف ہاشمی جبکہ نقابت کے فرائض معروف صحافی ثمر علی جعفری اور محمد افضل علامہ سرانجام دیں گے 30 مئی رات 9 بجے تا 12 تک جبکہ 31 مئی بروز ہفتہ صبح 9 بجے تا 5 بجے تک بعد از مجلس عزا شبیہ ذوالجناح سرکار امام حسین علیہ السلام برآمد ہوگی ماتمی جلوس اپنے مقررہ قدیمی راستوں سے گزر کر برمکان مشتاق حسین منگنگ بالمقابل دربار پیر سید امانت علی شاہ اختتام پذیر ہوگا، جس میں سیالکوٹ اور گردونواح کی ماتمی سنگتیں پرسہ پیش کریں گی حسب سابق شرکت کرنے والے مومنین کے لئے منتظمین کی طرف سے مخدوم ہاؤس میں لنگر امام اور سبیل شہزادہ علی اصغر علیہ السلام کا وسیع انتظام کیا جائے گا انتظامی امور صاحبزادہ ذوالاکرام حسن، سید جازم حسن، تقی حیدر ہاشمی جبکہ سیکورٹی انتظامات نگرانی ولی حیدر ہاشمی اور علی رضا ہاشمی سرانجام دیں گے تمام محبان رسول ص وآل رسول ع سے شرکت کی استدعا ہے

سنیئر سیالکوٹ بار ممبر محمد ادریس باجوہ کی برسی کی دعائیہ تقریب

لالہ مبشر بٹ ایڈووکیٹ نے ارحم باجوہ و بار ممبران کے ہمراہ شرکت کی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ممتاز قانون دان و پاکستان مسلم لیگ ن کے سابقہ سٹی صدر چوہدری محمد ادریس باجوہ ایڈووکیٹ مرحوم کی سالانہ برسی کے موقع پر لالہ مبشر بٹ ایڈووکیٹ ۔عدنان ڈار ایڈووکیٹ ۔چوہدری محمد جمیل گجر ایڈووکیٹ ۔محمد اطہر بٹ ایڈووکیٹ ۔ارحم ادریس باجوہ ایڈووکیٹ ۔سید نوید الحق ایڈووکیٹ ۔عمر ادریس باجوہ ۔نعمان ممبر ۔نور خان سمیت دیگر وکلاء ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے شرکت کی اور مرحوم ادریس باجوہ ایڈووکیٹ سمیت تمام بار مرحومین کے ایصال ثواب کے لئے دعائی۔

ایکسین فیسکو شدید طوفان کے باعث بجلی کی سپلائی چالو کروانے کے لیے فوری طور پر گرڈ سٹیشن اور فیلڈ میں پہنچ گئے

سرگودھا روڈ سب ڈویژن، شاہ جیونہ سب ڈویژن اور اکڑیانوالا سب ڈویژن کے علاقہ جات میں طوفان کے باعث بجلی کے ٹرانسفارمرز گر گئے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایکسیئن فیسکو جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ شدید طوفان کے باعث بجلی کی سپلائی چالو کروانے کے لیے فوری طور پر گرڈ اسٹیشن اور فیلڈ میں پہنچ گئے گزشتہ رات شدید طوفان کے باعث سرگودھا روڈ سب ڈویژن، شاہ جیونہ سب ڈویژن اور اکڑیانوالا سب ڈویژن کے علاقہ جات میں طوفان کے باعث بجلی کے ٹرانسفارمرز گر گئے پولز اور تاریں ٹوٹ گئیں جس سے متعدد علاقہ جات کی بجلی بند ہوگئی تھی طوفان رکتے ہی ایکسیئن ساجد پرویز سدھانہ ایس ڈی او علی عدنان انجم، رستم شہزاد اور محمد عمران بابٹر کے ہمراہ فیلڈ میں پہنچ گئے جہاں پر اپنی نگرانی میں لائن سٹاف سیفٹی کی سپلائی چالو کروانے کے لیے مصروف رہے اس موقع پر ایکسیئن ساجد پرویز سدھانہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فیسکو صارفین کی خدمت کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے شدید آندھی ہو یا طوفان کسی بھی ناگہانی صورت حال سے نمٹنے کے لیے فیسکو ہر وقت تیار رہتا ہے شدید طوفان کی وجہ سے فیسکو نے کافی نقصان برداشت کیا ہے بجلی کی سپلائی چالو کرنے کے لیے لائن سٹاف فیلڈ میں دن رات مصروف عمل ہیں کچھ علاقہ جات میں بجلی کی سپلائی چالو کر دی گئی ہیں ٹوٹے ہوئے پولز اور تاریں ٹوٹ گئیں جس سے متعدد علاقہ جات میں

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) بدھ 26 مئی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ



تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے حرفوں پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

0042-3636003

اشتہار دگری گمشدگی

ایک دگری DVM ڈاکٹر فین وٹرنری میڈیکل کالج سال 2014، رجسٹریشن نمبر 2009_ag 3390، یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد دوران امتحان گم ہوگئی ہے اگر کسی کو ملے تو اس پتہ پر پہنچا دے۔ المشتہر: اکتار حیدر حیدر ولد یاسین یٰسین قلعہ سرگودا 168 / 171 ضمانی کمیل سادی ضلع سرگودا

1 — نقیب جات

پیپلز ارتزا سٹیلائیٹ ٹیلی مٹ ایوارڈ ہوگا، شہری ٹیمیں کونسل اور میونسپل کمیٹی میں 7 سال تک یا مساوی تعداد اخراج کرائیں، پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان، ریڈیو ٹرانسمیٹر ڈگری کی ضرورت ہوگی، ہر ضلع کی تمام تحریری ٹیمیں مرحوم نواز شریف کی بنیادی حق پر، ہر ضلع سے ایک ٹیم کو شہریت ہر شہری کی بنیادی حق پر، ضلع کونسل کے آسامیاں پیدا کرنا چاہئے، ہر ضلع کونسل ک

معروف ماہر امراضِ اطفال اور ہسپتال لو کا پولیو کنجلا اشتراک پولیو مہم کا 26 مئی سے آغاز ہوگا

اس مہم کا مقصد پانچ سال سے کم عمر کے 2 کروڑ 30 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا ہے، جس کے لیے 2 لاکھ سے زائد پولیو ورکرز مہم میں حصہ لیں گے

ہم پنجاب حکومت کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پولیو کے قطرے ہر ہار پلانا ضروری ہیں تاکہ ہر بچے کو تحفظ حاصل ہو۔ قطرے مکمل طور پر محفوظ اور مؤثر ہیں، ڈاکٹر شہزاد منیر

لاہور (خبر نگار) پاکستان سے پولیو کے خاتمے کے لیے ایک بڑی پیشرفت کے طور پر، پنجاب کے ممتاز ماہرین اطفال اور معروف ہسپتالوں نے پنجاب حکومت اور پنجاب ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) کے ساتھ اشتراک کرتے ہوئے 26 مئی، پیر (کل) سے شروع ہونے والی قومی انسدادِ پولیو مہم کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ اس مہم کا مقصد پانچ سال سے کم عمر کے 2 کروڑ 30 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا ہے، جس کے لیے 2 لاکھ سے زائد پولیو ورکرز مہم میں حصہ لیں گے۔ یہ مہم 2 لاہور، راولپنڈی اور فیصل آباد میں 7 دن تک جاری رہے گی جبکہ باقی اضلاع میں مہم 5 دن پر محیط ہوگی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



ملتان: مرکز احرار دارینی، ہاشم خان خٹک، عبدالمتین خالد بخاری، عبدالطیف خالد چنیمہ، ڈاکٹر فاروق احرار، مولانا محمد اکمل پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جڑانوالہ میں انتظامیہ کی ناکامی: لاکھوں کا ریڑھی بازار پارکنگ میں تبدیل

مکوآنہ (این این آئی) جڑانوالہ کی انتظامیہ کی غیر منصوبہ بند اقدامات اور عوامی مسائل کے ضیاع کے تازہ ترین کے ایک نیا مرثلہ لیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق، لاکھوں روپے کی خطیر رقم سے تعمیر کیا گیا ریڑھی بازار نہ صرف شہریوں کی ضروریات پوری کرنے میں ناکام رہا، بلکہ یہ چھوٹے کاروبار سنٹر کی پارکنگ کے طور پر استعمال ہو رہی ہے۔ ذرائع سے معلوم ہوا کہ منصوبے کی تکمیل کے فوری بعد ہی شہریوں نے سوشل میڈیا پر اس کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

رائے ونڈ لیسکو ڈویژن کی بجلی چوروں کے خلاف بڑی کارروائی

فرنس فیکٹری میں بجلی چوری پکڑی گئی، ملزمان کی جانب سے لیسکو ٹیم پر فائرنگ بھی کی گئی

رینجرز نے ملزمان سے اسلحہ برآمد کرلیا، کارروائی کا آغاز 12 بجلی چور پولیس کے حوالے

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ لیسکو ڈویژن نے بجلی چوروں کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے فرنس فیکٹری میں بڑے پیمانے پر بجلی چوری پکڑ لی، ملزمان کی جانب سے لیسکو ٹیم پر فائرنگ بھی کی گئی، رینجرز نے ملزمان سے اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق لیسکو حکام کو اطلاع ملی کہ رجیانا سب ڈویژن کی حدود میں فرنس فیکٹری میں سنچ پیسنے پر بجلی چوری ہو رہی ہے، چیف آپریٹنگ آفیسر رمضان رضا کی ہدایت پر ایکسین لیسکو رائے ونڈ ڈویژن محمد علی رضا کی قیادت میں ڈسکہ سپورٹ یونٹ نے چھاپہ مارا تو فیکٹری میں کام جاری تھا، ڈسکہ سپورٹ یونٹ کو دیکھتے ہی فیکٹری مالکان نے لیسکو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)



پاکستان: کشمیر سے بوال ڈویژن شعیب اقبال سیدہ، آر پی او بہاولپور رشید، کے ہمراہ وفاقی و صوبائی پولیس کے معائنہ کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق بھی ہمراہ ہیں

پی ٹی آئی کے ظلم کے خلاف جبر ہتھکنڈے کیے گئے ہیں، اقبال چیمہ

پاکستان تحریک انصاف جمشید اقبال چیمہ کا سابق رکن اسمبلی اکرم ملتان کے دوران گروپ فوٹو

پی ٹی آئی کے سینئر رہنما جمشید اقبال چیمہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ملک کو آئین وقانون کے مطابق چلانے کیلئے نظام

عمران خان اپنی ذات کے لئے کوئی ڈیل نہیں کریں گے، عمران خان کی وجہ سے پی ٹی آئی کے کارکنوں کو بھی تکلیف ملی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما جمشید اقبال چیمہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ملک کو آئین وقانون کے مطابق چلانے کیلئے نظام کے خلاف ہر جدوجہد میں ہر گز دستبردار نہیں ہوئے، سینئر نمائندہ پی ٹی آئی عمران خان اپنی ذات کے لئے کوئی ڈیل نہیں کریں گے، عمران خان کی وجہ سے پی ٹی آئی کے کارکنوں کو بھی تکلیف ملی ہے

ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ جمشید اقبال چیمہ نے میاں اکرم عثمان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)



لاہور: رہنما تحریک انصاف جمشید اقبال چیمہ کا سابق رکن اسمبلی اکرم عثمان سے ملاقات کے دوران گروپ فوٹو

غزہ میں قحط کی صورتحال، پیاز کلو کے بجائے ٹکڑوں میں بکنے لگی

اقوام متحدہ نے بدترین صورتحال کو غزہ جنگ کا سفاکانہ ترین مرحلہ قرار دیا

غزہ (این این آئی) غزہ میں قحط کی صورتحال کے سبب پیاز کو کلو میں نہیں بلکہ ٹکڑوں میں بیچے جانے لگی، ایک کلو پیاز پاکستانی روپوں کے 1500 روپے کے برابر فروخت ہو رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق غزہ میں 2 ملین افراد شدید بھوک کا سامنا کر رہے ہیں، 2 لاکھ سے زائد افراد کو شدید غذائی قلت کا خطرہ ہے۔ اقوام متحدہ نے بدترین صورتحال کو غزہ جنگ کا سفاکانہ ترین مرحلہ قرار دیا ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

کراچی، پکنک کا سفر خوفناک خواب بن گیا، تیز رفتار کوسٹر الٹنے سے 7 افراد زخمی

متاثرہ افراد تفریحی سفر پر کنجھر جھیل جا رہے تھے کہ یہ ہولناک واقعہ پیش آگیا، حالت خطرے سے باہر

کراچی (این این آئی) شاہ نورانی کے قریب کوسٹر الٹنے سے زخمی ہونے والے 7 افراد کو فوری طور پر ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ ایدھی و ڈاؤ فاؤنڈیشن کے حکام کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، جب کوسٹر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

آوران' اخبار کے نمائندے لطیف بلوچ کو گھر میں گھس کر قتل کر دیا گیا

بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کا لطیف بلوچ کے قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ

آوران (این این آئی) بلوچستان کے ضلع آوران کے علاقے بلیدی میں نامعلوم افراد نے گھر میں گھس کر اخبار کے مقامی نمائندے لطیف بلوچ کو قتل کر دیا۔ بلوچستان یونین آف جرنلسٹس نے بلوچستان حکومت سے لطیف بلوچ کے قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔ پولیس کے مطابق ضلع آوران کے علاقے بلیدی میں نمائندے لطیف بلوچ کو مسلح افراد نے رات کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

ملتان: مرکز احرار دارینی، ہاشم خان خٹک، عبدالمتین خالد بخاری، عبدالطیف خالد چنیمہ، ڈاکٹر فاروق احرار، مولانا محمد اکمل پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مرکزی قیادت کا پنجاب بھر کا دورہ خوش آئند ہے، جے یو آئی (س)

کارکردگی بہتر بنانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات قاری محمد حنیف جالندھری، ناظم اعلیٰ مولانا حافظ عبدالرحمٰن مکی، مرکزی رہنما مولانا عبدالقیوم حقانی، مولانا عبدالواسع، مولانا عبدالرؤف فاروقی، مولانا عبدالغفور حیدری، مولانا عبدالحسیب، مولانا عبدالحق ہاشمی، مولانا عبدالرحیم نوید، مولانا عبدالرحمٰن اشرفی، مولانا عبدالرحمٰن باوا، مولانا عبدالرحمٰن لدھیانوی، مولانا عبدالرحمٰن یوسفی، مولانا عبدالرحمٰن سیفی، مولانا عبدالرحمٰن ثاقب، مولانا عبدالرحمٰن فاروقی، مولانا عبدالرحمٰن حقانی